الٰہی تعلیم ایہہ بیان کردی اے پئی او بندہ جیہڑا ایہہ عوضانہ ادا کرے گا او ضرور آدم دی نسل دے وچوں ہونا چاہیدا اے۔ کیوں جے ایہہ آدم دی نسل گُناہ دے وچ پھسی ہوئی اے تے ایہنوں ای گُناہ توں پاک ہونا اے۔ ایس لئی ایس پاکیزگی دے کم دے لئی خُدا باپ نوں اپنے پئتر دا ای تجسم ساریاں توں اہم نظر آیا اے۔ جہدا مقصد خُدا دے نال رفاقت نوں بحال کرنا اے۔ خُدا انسان توں دُور نہیں اے کیوں جے او اپنیاں وعدیاں دے خلاف نہیں کردا اے۔ خُدا نے جو کُجھ ایس دُنیا دے وچ کیتا اے ایہدا مقصد انسان دی نجات اے۔ اوہنے اپنی زمینی حیاتی دے وچ کوئی وی اجہیا کم نہیں کیتا سی جہدے توں او گُناہ گار ثابت ہُندا۔ پر تاں وی اوہنے اِک اجہے کم نوں مکمل کیتا اے جہدا اجر بے انتہا نکلیا اے۔ اسی اپنیاں ذاتی کماں دے نال گُناہاں توں بچ نہیں سکدے آں تے ایہہ ساڈے ذاتی کردار دیاں خُوبیاں دے اُتے منحصر نہیں اے۔ تے ایہدے نال اسی پاک کلام دے وچوں ویکھدے آں پئی یوحنا دی انجیل دے ۵ باب دی ۱۶ توں ۱۸ آیت دے وچ لِکھیا ہویا اے:

ایس لئی یہودی یسوع نوں ستاون لگے کیوں جے او ایویں دے کم سبت دے دن کردے سی۔ پر یسوع نے اوہناں نوں آکھیا پئی میرا باپ ہُن تیکر کم کردا اے تے میں وی کم کردا آں۔

ایس سببوں یہودی ہور وی بہتا اوہنوں قتل کرن دی کوشش کرن لگے پئی او نہ صرف سبت دا حکُم توڑدا اے سگوں خُدا نوں خاص اپنا باپ آکھدیاں ہوئیاں اپنے آپ نوں خُدا دے برابر بناوندا سی۔

یہودیاں نوں ایہہ جانن دا بہت ای شوق سی پئی او اصل دے وچ ہے کون؟ کیوں جے او اوہناں دے سبت نوں وہ توڑن دی جُرات کردا سی۔ جدوں کُجھ چِر باہجوں جدوں یسوع مسیح ہیکل دے وچ گیا تے اوہنے ویکھیا پئی او بندہ جہنوں یسوع مسیح نے شفا دِتی سی او وی ہیکل دے وچ موجود سی یقینی طور تے او شُکر گُزاری دے لئی اوتھے آیا ہوئے گا۔ یسوع مسیح نے اوہنوں یاد دوایا پئی خُدا نے تیرے اُتے بہت وہڈا کرم کیتا اے تے ایہہ تیرے اُتے فرض اے پئی ویکھ تُو ٹھیک ہوگیا ایں ایس لئی فیر گُناہ نہ کریں ایہہ نہ ہوئے پئی تیرے اُتے کوئی وہڈی آفت نہ آجاوئے۔

ہر اِک ایماندار نوں ہرروز خُدا توں مُعافی منگن دی لوڑ اے۔ ایہہ اصل دے وچ انسانی تاریخ دے وچ خُدا دی حیران کُن مُداخلت اے۔ ایہدے باہجوں او سانوں ساری انسانی تاریخ دے وچ کُھلم کُھلا مداخلت کردا ہویا وکھالی دیندا اے۔ جہدے توں خُداوند خُدا دی قُدرت دا اظہار ہُندا اے۔ خُداوند یسوع مسیح نوں موت دِتی گئی تے اوہنوں مُردیاں دے وچوں فیر جیوندہ کیتا اے۔ جیہڑا خُداوند خُدا دی قُدرت دا واضح اظہار اے۔ ایس سِدھی جی گل نوں سمجھن دے لئی سانوں نہ تے کِسے فلسفے دی لوڑ اے تے نہ ای کِسے منطقی دلیلاں دی لوڑ اے صرف

خُدا دے پاک کلام دے اُتے سادہ جِنا ایمان ای ایہدے لئی کافی اے۔ اسی کسے وی طور تے ایہدے مُنکر نہیں ہوسکدے آں کیوں جے انسانی تاریخ وی ایہدی گواہ اے پئی اوہنے کیویں کامل طور تے اپنی حیاتی نوں ایتھے لنگایا اے۔

ایس لئی سانوں خُدا توں اوہدے فضل نوں منگ لینا چاہیدا اے ، فضل نوں ٹھکرا دینا شریعت دی خلاف ورزی کرن توں بہتا خطرناک اے۔ خُداوند یسوع مسیح نے اوس معذور بندے دے نال بہت پیار کیتا تے اوہدے اُتے رحم کیتا۔ کیوں جے اجے وی او اویں دی ای حیاتی لنگاوندا اے جہدے سببوں اوہدے اُتے بیماری آئی سی تے ایہہ بہت ای پیہڑا کم ہوئے گا۔ نجات دے وسیلے دے نال خُدا ایس کائنات دے نال اپنی محبت دا اظہار کردا اے تے اپنی محبت نوں وکھاوندا اے۔ کیوں جے او ای ایس ساری کائنات دا خالق تے مالک اے ایس لئی او ایہدے لئی فکر کردا اے۔ او چاہندا اے پئی اسی ہمیشہ دے لئی محفوظ ہوجائیے۔

ساڈیاں گُناہاں دی تعداد تے ایہناں دی سنگینی خُداوند یسوع مسیح دیاں زمینی دُکھاں دا مُقابلہ نہیں کرسکدی اے۔ اوہدی موت دے نال اوہناں ساریاں لوکاں دے گُناہاں نوں وی مُکا دِتا گیا اے جہناں نے اوہنوں مصلوب کیتا سی۔ کیوں جے نہیں جاندے سن پئی او کیہہ کردے پئے نے۔ خُدا نے یسوع مسیح دی صلیبی موت دی رائیں ایہہ ثابت کیتا اے پئی او ایس جہان دے نال بے حد پیار کیتا اے۔ اوہنے اپنے ای پتّر نوں دے دِتا سی تاں پئی اسی ہمیشہ دی موت توں نکلدیاں ہوئیاں ہمیشہ دی حیاتی دے وچ شامل ہوجائیے۔

خُدا اپنی تخلیق دے نال جِنا پیار کردا اے اونی ای او ایہدی فکر وی کردا اے۔ ایہہ صلیب ای ساڈے وچوں ہر اِک دے لئی کافی تے کامل راہ اے۔ کیوں جے خُدا دا پاک کلام وی ایہہ ای تعلیم دیندا اے تے ساڈے وچوں ہر اِک دا ایمان وی ایہہ ای اے۔ ساڈیاں گُناہاں توں ساڈی مُعافی ایویں ہوجاوئے پئی اسی ایہہ جان جائیے پئی ایہہ گُناہ ساڈے لئی کِنی وڈی تے خطرناک حقیقت اے۔ خُدا پاک اے تے او ہر اوس ناپاک شے دے خلاف اے جیہڑی اوہنوں ناخُوش کردی اے۔ انسان دی فطرت دے وچ ایہہ پایا جاندا اے پئی جے مُعافی حقیقی نجات اے تے ایہدے وچ گُناہ دے بارے دے وچ نفرت پائی جاندی اے۔ ایہہ صرف اوس ای صورت دے وچ مُمکن اے پئی جدوں انسان دے گُناہ دی سنگینی تے مُعافی دی ناقابلِ بیان قیمت دا اظہار کیتا جاوئے۔ خُدا نے صلیب دے اُتے گُناہ دی جیہڑی عدالت کیتی اے اوہدے وچ خُدا تے انسان دونواں دی فطرت پائی جاندی اے۔ بھاویں جے خُدا نے ہر زمانے دے وچ ایویں دے قانوناں نوں وضع کیتا اے پئی انسان گُناہ توں باز رہوئے پر فیر وی گُناہ تے بُریائی وہدی جاندی اے۔ خُدا نے وی اپنی تخلیق دے وگاڑ نوں سنوارن دے لئی اجہیا لائحہ عمل اختیار کیتا اے جہدی رائیں اوہنے ساڈی نجات دا بندوبست کیتا اے۔

خُداوند یسوع مسیح دی موت ہر اِک دے لئی مفت عوضانہ اے۔ اپنی زمینی حیاتی دے وچ اکثر خُداوند یسوع مسیح نے اپنی صلیبی موت دا اظہار کیتا اے۔ او ازل توں ای خُدا دا ذبح کیتا ہویا برہ اے۔ اوہدا ازل توں ای ایس کم دے لئی انتخاب کیتا گیا اے۔

ایویں ہُن سانوں ایہہ ضرورت اے پئی خُداوند یسوع مسیح دی قُربانی دا مقصد ساڈیاں حیاتیاں دے وِچ کم کرے۔ سانوں کفارے دے مقصد نوں اپنیاں حیاتیاں دے وِچ اپنانا چاہیدا اے۔ سانوں اپنیاں حیاتیاں توں یسوع مسیح دے صلیبی مقصد نوں پُورا کرنا اے۔

خُدا نے ساڈیاں گُناہاں دے کامل کفارے تے موثر علاج دے لئی مسیح یسوع نوں کفارے دا مرکزی کردار دِتا اے۔ ایہہ ایس لئی دِتا گیا اے پئی ساڈیاں گُناہاں دا موثر علاج ہوسکے، سانوں گُناہ دی سزا، اوہدی طاقت تے اوہدی موجودگی توں خلاصی مل جاوئے۔ تے ایویں خُدا باپ دے نال ساڈا میل ہوجاوئے۔

یسعیاہ خُداوند یسوع مسیح نوں ابنِ داؤد آکھدا اے تے یوحنا اپنے انجیلی بیان دے وِچ یسوع مسیح نوں یوسف دا پُتر آکھدا اے۔ ابنِ داؤد دی صورت وِچ یسوع مسیح نوں فاتح دے طور تے پیش کیتا جاندا اے جیہڑا ہر اِک دے اُتے غالب آوندا اے۔ پر جدوں یسوع مسیح نوں ابنِ یوسف آکھیا جاندا اے تے ایہدا تعلُق ایہناں حوالیاں دے نال کیتا جاندا اے جہناں توں یسوع مسیح دے خادمانہ دُکھاں نوں اُٹھاون دا ذکر مِلدا اے۔ ایہدا اظہار زکریاہ نبی نے وی کیتا اے۔ ہوسکدا اے پئی خُدا دا خادم ہون دی حیثیت دے نال اوہنے وی ایہناں گلاں دا تجربہ کیتا ہوئے جہناں نوں خُدا دا بیٹا خادم دی حیثیت دے نال برداشت کرن نوں آوندا پیا سی۔ دانی ایل، حزقی ایل، یسعیاہ تے یرمیاہ ورگیاں نبیاں نے وی یسوع مسیح دی ابدی بادشاہت دے بارے دے وِچ بیان کیتا اے۔ جہدی تکمیل سانوں نویں عہد نامے دے وِچوں ویکھن

نوں مِلدی اے۔ تے یوحنا کیوں جے یہودی ہون دے ناطے ایہناں ساریاں نوشتیاں نوں چنگی طرح دے نال جاندا اے ایس لئی او یسوع مسیح دی الٰہی ہستی نوں اوہدے کامل معیار دے پیش نظر بیان کردا اے۔ کیوں جے خُدا باپ یسوع مسیح نوں خاص اپنا بیٹا آکھدیاں ہوئیاں سددا اے۔ تے اپنے انجیلی بیان دے وچ دوسری اہم تصویر خُدا دے برے دی پیش کردا اے۔ ساڈے انسانی وسائل جہناں نوں اسی اپنی بہتری دے لئی بروئے کار لیاوندے آں ایہہ سانوں آسانی دے نال غلط کماں دے وچ پھسا لیندے نے۔ جہناں دے نال اسی بدیاں دے شکار ہوجاندے آں۔ تے اپنے آپ اسی ایہناں کماں توں رہائی پاون دے لئی کوششاں کردے آں۔

خُدا دا پاک کلام انسانی تاریخ دے وچ خُدا دیاں مخلصی دیاں کماں دی گواہی دیندا اے۔ خُدا نے بنی اسرائیل نوں مصر دی غُلامی توں رہائی دِتی سی۔ اوہنے قوم بنی اسرائیل نوں اپنی ذات دے انکشاف ہون دے ذریعہ دے طور تے چُنیا سی۔ خُدا دے برے دا لہو کفارے دے لئی اے ایس لئی ایہدا ساریاں توں پہلا کم سانوں خُدا دی نظر دے وچ راستباز ٹھہراونا اے۔ اسی جیہڑے گُناہ کیتے نے سانوں اوہناں توں مُعافی حاصل کرن دی لوڑ اے۔ تاں پئی ساڈے اُتے سزا دا حُکم نہ ہوئے۔ ساڈیاں گُناہاں نوں ایس لئی مُعاف کیتا گیا اے پئی خُدا لہو نوں ویکھدا اے۔ سانوں ایس پاک لہو دی قدر نوں جاننا چاہیدا اے کیوں جے اگر اسی ایہدی قدر

نوں نہیں جاندے آں تے اسی کدی وی ایہدے بارے دے وچ نہیں جان سکاں گا پئی ایہدی اہمیت میرے لئی کیہ اے۔

خُداوند یسوع مسیح او برہ اے جیہڑا گُناہگاراں نوں اوہناں دیاں گُناہاں توں نجات دیون دے لئی آیا اے۔ خُدا دا پاک کلام ایہہ بیان کردا اے پئی یسوع مسیح ساڈا فسح اے جیہڑا قُربان ہویا اے۔ ایس لئی سانوں وی عید منانا چاہیدا اے تے خُو ش ہونا چاہیدا اے۔ خُدا دا پاک کلام ایہہ بیان کردا اے پئی تُہاڈی خلاصی سونے چاندی یا کسے قیمتی شے دے نال مُمکن نہیں اے سگوں اِک بے عیب تے بے داغ برے دے لہو دے نال اے۔ تے ایہہ برہ مسیح اے جیہڑا بنائے عالم توں پہلاں توں اے پئی ساریاں دے لئی کفارہ دیوئے۔

ایہہ اصل دے وچ اوہدا فضل اے جیہڑا ساریاں انساناں دے اُتے ہویا اے۔ خُداوند یسوع مسیح نے سانوں شیطان دے ظُلم توں آزاد کروایا اے۔ تے اوہدی صلیبی موت ساری دُنیا دے لئی نجات اے۔ ایہہ کسے خاص قوم یا اُمت دے لئی نہیں سگوں ساری دُنیا دے لئی اے۔ ایہہ انسان دی خُوش قسمتی اے پئی جو کُجھ انسان دی ضرورت سی جہنوں او آپ پُورا نہیں کرسکدا سی اوہنوں خُدا نے پُورا کر دِتا اے۔ اوہدے اُتے ایمان رکھنا اصل دے وچ ایہہ ای اے پئی اوہنوں پُورے طور تے قبول کرنا اے۔ اوہدے رُتبے تے اوہدی حیثیت نوں جاننا چاہیدا اے۔ ایہہ ہر اِک مسیحی تے غیر مسیحی دی نجات سگوں ابدی نجات دے لئی بے حد ضروری اے۔

خُداوند یسوع مسیح دے بدن نوں موت دے حوالے کرن دے نال خُدا دی پاکیزگی دا جلال مسیح دی حیاتی دے وچ ظاہر ہویا۔ او ای ساڈی حیاتی دا سبب بنیا اے۔ کیہ تُسی ایہہ قبول کرو گے پئی یسوع مسیح تُہاڈا نجات دہندہ بنے۔ یا ایہہ پئی او عدالت دے وچ تُہاڈا انصاف کرے گا تے تُہانوں ابدی سزا دی تھاں دے وچ بھیج دیوئے گا۔ ساڈے لئی وی ہور کوئی راہ نہیں اے ساڈے جسم دے وچ مسیح دی پاک تے کامل حیاتی صرف اوس ای صورت دے وچ ظاہر ہُندی اے پئی اسی ہر ویلے اپنے بدن دے وچ اوہدی موت نوں لئی پھریئے۔

صلیب سانوں اپنی آخرت دی فکر کرن دے ول نوں مائل کردی اے۔ اوہنے ساڈے ماضی نوں مدِنظر رکھدیاں ہوئیاں سانوں نواں بناون دے لئی ساڈی مدد کیتی اے۔ خُدا ساڈے توں کدی وی ایس گل دی آرزو نہیں کردا اے پئی بدی غالب آوئے سگوں او چاہندا اے پئی اسی بدی دے اُتے غالب آوئے۔ ایویں اسی ایہہ ویکھدے آں پئی خُدا نے صلیب دے اُتے گُناہ تے دُنیا دی عدالت کیتی اے تے کامل کفارے دے وسیلے دے نال ایہنوں پاک کیتا اے تاں پئی ایہدے وچ بدی نہ رہوئے۔ خُدا گُناہ توں پاک اے تے اوہنوں گُناہ توں ڈاہڈی کراہیت اے ایس لئی او ایہنوں پسند نہیں کردا اے۔

اوہنے ایس موت نوں اپنے لئی نہیں سگوں ساڈے لئی قبول کیتا اے۔ اوہنوں ایہہ یقین سی پئی اپنی موت دے وسیلے دے نال او ساڈے لئی بھلیائی پیدا کرے گا۔ جیہڑی پئی کِسی وی ہور طریقے دے نال مُمکن نہیں اے۔ ایہدے وچ کوئی شک نہیں اے پئی خُداوند یسوع

مسیح نے نجات دے سارے کم نوں پُورا کیتا اے۔ ایہدے وچ کوئی شک نہیں اے پئی خُدا نے پُرانے عہد نامے دے وچ اپنے پیار نوں اپنیاں لوکاں دے نال ظاہر کیتا اے۔ سانوں ایس پیار دے وچ قُربانی دی او فضیلت وکھالی دیندی اے جیہڑا خُدا دا بیٹا سانوں دیون نوں آیا سی۔

انسان نوں بچاون دے لئی خُدا نے اپنے پُتر نوں ایس دُنیا دے وچ بھیج دِتا تے اوہنوں موت دے حوالے کیتا۔ جے گُناہ اینی ہولناک حقیقت نہ ہُندا تے خُدا ایہدے توں مخلصی دواون دے لئی اینا اوکھا کم نہ کردا۔ انسان نوں گُناہ توں آزاد کرواون دے لئی اینی وڈی قُربانی گُزرانی پئی سی۔ جے سانوں خُدا دے نال محبت نہ ہوئے تے اسی کدی وی اینی وڈی قُربانی نوں جان نہیں سکدے آں۔ خُدا دے ایس وڈے کم دے مقصد نوں ہمیشہ ساڈیاں حیاتیاں دے وچ موجود رہنا چاہیدا اے۔ خُدا دے پاک کلام دے وچ ایویں بیان کیتا گیا اے پئی جیویں تُسی چاہندے او پئی لوک تُہاڈے نال کرن تُسی وی اوہناں دے نال اویویں ای کرو۔ ایس لئی جے اسی کسے توں نیکی دی توقع کردے آں تے سانوں وی نیکی کرن دے لئی تیار رہنا چاہیدا اے۔ تاں پئی ساڈے نال لوکی نیکی دے نال پیش آون۔

پر اِک گل اے پئی نجات دے حصول دے باوجود ساڈیاں گُناہاں دیاں مسئلیاں دا مکمل حل نہیں ہویا اے۔ کُجھ لوک خیال کردے نے بھاویں جے صلیب نے گُناہ دے اختیار نوں کُچل کے رکھ دِتا اے۔ تاں وی ایہہ اجے تیکر ایس دُنیا دے وچ قائم اے۔ تاں وی علمِ الٰہیات

دے مُطابق بھاویں جے گُناہ اجے تیکر دُنیا دے وچ پایا جاندا اے پر ایہدا اثر زائل کر دِتا گیا اے۔ گُناہ انسان نوں ابدی گرفت دے وچ نہیں لے سکدا اے، وقتی طور تے ایہہ مُتاثر ضرور کردا اے۔ پر یسوع مسیح دا لہو ایس گُناہ نوں دھون دے وچ قادر اے۔ ایس لئی سانوں ہر روز گُناہاں دی مُعافی دی لوڑ اے۔

ایہہ کِنی چنگی گل اے، ہوسکدا اے پئی تُسی لوکاں نے ایہدے اُتے کدی دھیان نہیں کیتا اے پئی خُدا نے اپنی محبت نوں ساڈے اُتے ظاہر کیتا اے۔ اسی خُدا دے اوس معیار نوں برقرار نہیں رکھیا اے جہدی توقع اوس ابدی خُدا نوں ساڈے توں سی۔ ایس لئی ایہہ ضروری اے پئی ایہہ ہرجانہ اِک اجہی ہستی ادا کرے گی جیہڑی انسان وی اے تے خُدا وی اے۔ تے صرف حقیقی انسان ای ایہنوں ادا کرن دا ذمہ دار اے۔ خُدا نے جو کُجھ ایس دنیا دے وچ کیتا اے ایہدا مقصد بنی نوع انسان دی نجات اے۔ پیٹے نے اپنی جسمانی حیاتی دے وچ خُدا باپ دی پُوری پُوری تابعداری کیتی سی۔

ایویں او جیہڑے نجات دے اُمیدوار نے جدوں او خُداوند یسوع مسیح نوں قبول کردیاں ہوئیاں اوہدے لے پالک فرزند بن جاندے آں۔ تے خُداوند خُدا دے نال تعلُق توں اوہناں نوں خُوشی مِلدی اے۔ تے خُداوند خُدا آپ وی اوہناں نوں خُدا دے فرزند بنن دے لئی اپنے گھرانے دے وچ جی آیاں نوں آکھدا اے۔ ایویں اوہدی نجات دا اوہدی محبت دے نال ہُندا اے۔ ایویں

اسی نوے سرے توں خُدا دی مخلوق بن جاندے آں تے اِک نوی حیاتی خُدا دے وچ گُزاردے آں۔ ایہہ خُدا دی حیرت انگیز راستبازی اے۔

ایویں اوہدی نجات دا اظہار اوہدی محبت دے نال ہُندا اے۔ ایویں اسی خُدا نوں نوے سرے توں قبول کردیاں ہوئیاں نوی مخلوق بن جاندے آں تے اسی اِک نوی روحانی حیاتی گُزارنا شروع کر دیندے آں۔ خُدا تُہانوں برکت دیوئے۔

آئیں ہم دُعا سے اپنے سبق کاآغاز کریں۔

''آسمانی باپ ہم تیرا شکر کرتے ہیں کہ ہمیں تُو نے استحقاق بخشا ہے کہ ہم تیرا پاک نام کے سبب سے جمع ہوتے ہیں۔ہم اپنے ان دوستوں کے لئے تیرا شکر کرتے ہیں جن کے ذریعہ سے ہم خدا وند کا زندہ کلام سیکھ رہے ہیں۔ اس خاندانی بائبلی مطالعہ سے ہم بے شک تیرا بارے میں بہت کچھ سیکھنے اور جاننے کے کوشش کر رہے ہیں۔ ہم اپنے آپ کو تیرے لئے مخصوص کرتے ہیں تیرے ساتھ منسوب ہونا ہمارے لئے کتنی عظیم اور خوش کُن بات ہے۔ ہم تجھ سے دُعا اور منت کرتے ہیں کہ ہمیں اور زیادہ قوت عطا کر ۔ ہمیں مضبوط اور مستحکم کر دے۔ ہمارے ذہنوں کو کھول دے۔ تاکہ تیرے کلام ہمارے دلوں میں گھر کرے۔ ہمیں اپنے خاندان اور گھرانے کے لوگ سمجھتے ہوئے بے شک تُو ہمیں اطمینان عطا کرتا ہے۔ خداوند ہم تیرا نام کے سبب سے اکٹھے ہونے اور تیرے وسیلہ سے ایک خاندان ہونے کا استحقاق پاتے ہیں۔ تُو بے شک عظیم ہے کہ تُو اپنے کلام کو سمجھنے کے لئے ہمیں موقع فراہم کرتا ہے اور ہمیں طاقت اور قوت عطا کرتا ہے اور ہمارے دلوں کو اپنے کلام سے منور کرتاہے۔ ہم تیری رفاقت میں گزارے ہوئے نہایت اہم وقت کے لئے تیرا شکر کرتے ہیں۔ یسوع مسیح کے نام میں۔ آمین!''

آئیں ہم سبق کا آغاز کریں۔

ابھی ہم یوحنا کے انجیلی بیان کے چوتھے باب کا مطالعہ کرنے لگے ہیں ۔ یوحنا کا پہلا باب اس پورے انجیلی بیان کی تمہید پیش کرتا ہے۔ یوحنا نے اپنی زندگی میں یسوع مسیح کے سب کاموں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور ان کو جمع کیا اور ناقابل فراموش حقیقت کی صورت میں انہیں قلم بند کیا۔

یوحنا یہودی اعتبار سے وحدانیت کا قائل تھا۔ لیکن اپنے انجیلی بیان میں وہ تثلیث کے دوسرے رکن یعنی مسیح یسوع کا اقرار کرتا ہے کہ ابتدا میں کلام تھا کلام خدا کے ساتھ تھا یہی کلام خدا تھا۔ کلام مجسم ہوا اور فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا اور ہم نے اُس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے کا جلال۔

یوحنا اور اس کے علاوہ دوسری اناجیل کا مطالعہ ہم یونانی اصطلاحات کی روشنی میں اس لئے کرتے ہیں کہ مسیح یسوع کی الٰہی ہستی کو پورے طور پر بیان کرسکیں اور باتوں کو روحانی پیرائے میں سمجھ سکیں۔ تاہم یوحنا ۱:۱ اور ۱:۲ یسوع مسیح کو بطور کلمہ خدا باپ کی نہایت قربت میں ثابت کرتی ہے۔ اور خدا کے ذاتی کلمہ کو ہم مجسم خدا کی صورت میں دیکھتے ہیں۔ اُس کی حقیقی پہچان یہی ہے کہ وہ خالق ہے اور بطور مخلوق وہ مجسم کلمہ ہے۔ جس نے محض بنی نوع انسان کے لئے جسم اختیار کیا۔ مجسم کلمہ یسوع مسیح کا وہ مرتبہ ہے جس کے مطابق پرانے عہدنامہ کی پیشن گوئیوں کو پورا کرتے ہوئے یسوع مسیح انسانوں کے مشابہ بنا۔ تجسم یسوع

مسیح کی لازوال اور حیرت خوبی کا نمایاں عنصر پیش کرتا ہے جس کے مطابق یسوع مسیح اس جہان میں وارد ہوئے۔

یہ یسوع مسیح کا مکاشفہ ہے اور ایک اہم راز ہے جو افشاں کیا گیا ہے۔ کہ وہ خالق خداوند ہو نے کے باوجود جس کے وسیلہ تمام مخلوقات کو خلق کیا گیا ، خود اس جہان میں انسان بن کر آیا۔

یوحنا بپتسمہ دینے والے کی گواہی کے باعث یوحنا کے شاگردوں نے بھی اس بات کا اندازہ کیا اور اس بات کا تجربہ کیا کہ یسوع ہی مسیح ہے ، وہی اسرائیل کا بادشاہ اور حقیقی نجات دہندہ ہے۔

یسوع مسیح کے وسیلہ پاک روح کی وساطت سے بنی نوع انسان کے ساتھ خدا نے نیا عہد قائم کیا اور تمام ایمانداروں کے ساتھ نیا عہد باندھا گیا۔اور یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہمیں لے پالک ہونے کا درجہ ملا ہے۔ یہ نیا عہد نامہ ہے جس کے وسیلہ خدا نے اپنے لوگوں کو اپنی ملکیت بناتا لہٰذا خدا کی ملکیت ہونے کے ناطے ہمیں اس کی تعظیم کرنا اور اسکی عبادت کرنا ضروری ہے کہ اس کے حضور میں جھکیں۔ یسوع مسیح سے گناہ اور موت نے شکست کھائی لہذا مسیح نے پورا غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے عارضی طور پر اپنے آپ کو گناہ اور موت کے حوالہ کیا کیونکہ پہلے معجزہ کے وقت یسوع مسیح نے جب مقدسہ مریم سے یہ کہا ابھی میرا وقت نہیں آیا تو اُس کے اشارہ اسی اہم ترین کام کی طرف تھا۔ خداوند خدا ایک

ایسا نجات دہندہ ہے جوابدی نجات کی صورت میں کامل محبت کا اظہار کرتاہے۔ جس نے اپنے بیٹے کو ہی دریغ نہ کیا بلکہ ہم سب کی خاطر اسے حوالہ کر دیا۔ گو خدا نے انسان کو تخلیق کیا مگر وہ ایک ایسی مخلوق ہے جو گنہگار ہے یہی خدا اور انسان کے درمیان میل ملاپ ہے۔

یوحنا کی انجیل کے دوسرے باب میں یسوع مسیح نے قانائے گلیل کی شادی میں پہلا معجزہ دکھا کر اپنے آنے کے مقصد کو بیان کیا اور ثابت کیا کہ یسوع کس خاص مقصد کے لئے آیا اور اپنے صلیبی کام کو جو اُسکا سب سے خاص مقصد تھا، بیان کردیا کہ باپ نے اُسے اسی مقصد کے لئے بھیجا ہے۔

تیسرے باب میں ہم نیکدیمس کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے یسوع مسیح کے اس خوبصورت بیان کو دیکھتے ہیں جہاں وہ انسان کو نئی پیدائش کا تجربہ کرنے کی تلقین اور نصیحت کرتا ہے اور اس بات اظہار کرتے ہیں کہ نئی پیدائش کے بغیر خداکی بادشاہی میں داخل ہونا ممکن ہیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ خدا کی بادشاہی میں داخل ہونے والی علمِ الٰہی کی دوسری اہم باتوں کا بھی ذکر کرتے ہیں۔ صلیب میں ہم یسوع مسیح کے عقلی اورابدی نقطہ نظر کو صاف طور پر دیکھتے ہیں کہ وہ صلیب پر بھی خدا سے انسان کو معاف کرنے کی درخواست کرتا ہے کہ اے باپ ان کو معاف کر کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔ اُس نے ہمارے ابدی نجات کی ضرورت کو محسوس کیا اور اسی لئے وہ اس دنیا میں آیا۔

چوتھے باب میں یسوع مسیح اپنے خوشخبری کے دائرہ کار کو وسیع کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں جس میں یسوع اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ نہ صرف یہودی بلکہ غیر اقوام بھی نجات کے عہد میں شامل ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اس باب میں خوشخبری کو دوسروں تک پہنچانے کی قائلیت بھی موجود ہے۔ یہ ان لوگوں کو خدا کے قریب لانے کے لئے حوصلہ افزائی کرتا ہے جو خدا سے دور ہیں اور خدا وند کی نجات کے منتظر ہیں ۔ اور جنہیں زمانہ کے لوگ مسترد کرتے ہیں اور انہیں قبول نہیں کرتے خداوند خدا نے سامریہ کے علاقے میں خوشخبری دینے سے اس بات کا فرق بالکل ختم کر دیا۔پس یسوع مسیح کی آمد پسے ہوئے اور رد کئے لوگوں کے لئے ایک بڑا استحقاق ثابت ہوئی۔ یہی خدا وند خداکی بھلائی ہے جو اُس نے ہم پر ظاہر کی ۔

چوتھے باب میں سامری عورت کے ساتھ یسوع مسیح کی گفتگو کرنا ایک معاشرتی اور اخلاقی معیار کی بلندی کا اظہار کیا جو یسوع نے کیا۔

آئیں ہم چوتھے باب کی طرف رجوع کریں ۔

''پھر جب خداوند کو معلوم ہوا کہ فریسیوں نے سنا ہے کہ یسوع یوحنا سے زیادہ شاگرد کرتا اور بپتسمہ دیتا ہے ۔ (گو یسوع آپ نہیں بلکہ اُس کے شاگرد بپتسمہ دیتے تھے)۔ تو

وہ یہودیہ کو چھوڑ کر پھر گلیل کو چلا گیا۔ اور اُس کو سامریہ سے ہو کر جانا ضرور تھا۔'' (یوحنا 4:1-4)۔

سامریہ کے لوگوں کو یہودی اکثر نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے کیونکہ یہ علاقہ مخلوط النسل تھا۔ یہاں کے لوگ خالصتاً یہودی نہ تھے تاہم یہ بھی شریعت کی کتاب کو پڑھتے اور اس بات کے منتظر تھے کی مسیح یسوع ان کے بادشاہ کے طور پر آئے گا۔ سامری لوگوں نے بھی یہودیوں کی طرح اپنے لئے کوہِ گرزیم پر ہیکل بنائی تھی اور ان کا طریقہ کار بھی بالکل یہودیوں کے جیسا تھا۔پہلے سامریہ تباہی کا شکار ہوا تھا یعنی اسوریوں نے اس کو تسخیر کیا تھا بعدازاں یہودیہ بھی بابل کے زمانہ میں تسخیر کر لیا گیا ۔ اور غیر اقوام کے قبضے میں چلا گیا۔ لیکن سامریوں کو مخلوط النسل ہونے کے وجہ سے یہودی پسند نہیں کرتے تھے۔

فریسیوں نے یوحنا کے شاگردوں اور یسوع مسیح کے شاگردوں میں حسد اور مقابلہ کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی در اصل یسوع مسیح خود نہیں بلکہ اُس کے شاگرد بپتسمہ دیتے تھے لیکن لوگوں کو بپتسمہ خداوند کے شاگرد ہونے کے لئے دیا جا تا تھا۔

رحبعام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کی یہوداہ کی سلطنت جسے جنوبی سلطنت بھی کہا جاتا تھا ، بُت پرستی میں مبتلا ہو گئے اور اس بعد ہر آنے والے بادشاہ نے خود بھی بتوں کی پرستش کی اور بنی اسرائیل کو بھی اس باز نہیں کیا خداوند خدا چونکہ غیور خدا ہے اسلئے اسے

یہ پسند نہ آیا کہ اس لوگ جو اس کے نام سے کہلاتے ہیں۔ اُس کے علاوہ کسی اور کی پوجا کریں۔ آنے والے ہر بادشاہ نے بت پرستی کو جاری رکھا۔

شریعت میں یہ سختی سے کہا گیا تھا کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور کی پوجا نہ کریں یوں ابتدا میں انسان شیطان کی بات کو براہ راست مان کر خدا سے دور ہو جائے یا پھر بالواسطہ طور پر غیر اقوام کے طور طریقوں کو اپنا لے، خدا دونوں طرح سے خفا ہوتا ہے ۔ خدا عدن کے گناہ کو بھی معاف کرنے کے لئے خون بہاتا ہے اور اس کے بعد کے زمانوں میں بھی گراوٹ کا علاج کرنے کے لئے خود ہمارے پاس آتا ہے۔

لیکن بابلی اسیری سے پہلے ایک وقت آیا جب یہوداہ کی سلطنت کا بادشاہ اور شاہی خاندان میں پھر سے اسرائیل کے خدا کی عبادت ہونے لگی۔اس کے بعد ہر آنے والے بادشاہ کے دور میں امن رہا اور لیکن پھر وہ عوام ایک بڑے گناہ کا شکار تھی۔ اگرچہ لوگ ہیکل میں جاکر خدا کے حضور عبادت کرتے تھے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ وہ غیر معبودوں کے مندروں میں جا کر اُن کے سامنے بھی قربانیاں کِیا کرتے تھے۔ اور بخور جلاتے تھے۔ میکاہ نبی نے یوتام بادشاہ کے زمانے میں نبوت آغاز کِیا ،یہ پس منظر ہے جس میں انبیا کے ذریعہ خدا بنی اسرئیل کو سکھاتا رہا لیکن پھر وہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہ آتے تھے۔ اور ہمیشہ خداوند خدا کو خفا کرتے تھے اسی لئے خدا وند خدا انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیتا تھا کہ نالائق حرکتیں کریں اور غیر اقوام،ان پر چڑھائی کرتی تھیں۔ اب یہاں جب یسوع خود اس جہان میں

انسان سے ملنے اور اس سے رفاقت رکھنے کے لئے آیا تب بھی انہوں نے اس کی مخالفت کی ۔ اور خداوند خدا کی طرف رجوع نہیں لائے۔

پس یسوع یہودیہ کو چھوڑ کر پھر گلیل میں چلا گیا یوں اُس نے اپنے شاگردوں میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ لیکن اس آیت میں ایک اور بات بھی بہت اہم ہے کہ یہودیہ یہودی مذہب کا گڑھ تھا جبکہ گلیل میں بہت سے غیر یہودی بھی رہتے تھے خداوند یسوع نے جان لیا کہ یہودی لیڈر اسے اور اس کی گواہی کو پہلے ہی رد کر چکے ہیں چنانچہ یہاں وہ نجات کا پیغام لے کر غیر قوم لوگوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

یہودیہ سے گلیل کو جانے والی شاہراہ سامریہ میں سے ہو کر گزرتی تھی یہودی سامریہ کے علاقے کو اتنا اتنا قابل نفرت سمجھتے تھے کہ وہ گلیل جانے سامریہ سے باہر باہر گھوم کے لمبے راستے سے سفر کیا کرتے تھے۔ جو پیریہ سے ہو کر جاتا تھا۔ چنانچہ جب یہ کہا گیا کہ اُس کو سامریہ سے ہو کر جانا ضرور ہے تو مطلب یہ نہیں کہ جغرافیائی لحاظ سے اور کوئی صورت نہ تھی بلکہ حقیقت یہ تھی کہ سامریہ میں ایک انسان کو مدد کی ضرورت تھی۔

سامریہ میں خداوند یسوع ایک چھوٹے گاؤں سوخار میں پہنچا اس گاؤں کے قریب ایک قطعہ زمین ہے جو یعقوب نے اپنے بیٹے یوسف کو دیا تھا۔جب یسوع اس علاقے سے گزرا تو ماضی کی تاریخ کے سارے مناظر متواتر اُس کی آنکھوں کے سامنے تھے۔

وہاں ایک چشمہ تھا جو یعقوب کا کنواں کہلاتا تھا ۔ یہ قدیم کنواں آج بھی موجود ہے یہ بائبل مقدس کے ان چند مقامات میں سے ایک ہے جن کی حتمی طور پر شناخت ہو سکی ہے۔

جب یسوع اس کنوئیں پر پہنچا تو تقریباً دوپہر کا وقت تھا ۔ طویل سفر کرنے باعث یسوع تھکا ماندہ تھا اُس کنوئیں پر یونہی بیٹھ گیا۔ اگرچہ یسوع خدا کا بیٹا ہے مگر وہ بشر بھی تھا بحیثیت خدا وہ کبھی تھک نہیں سکتا۔ مگر بحیثیت بشر وہ تھک گیا۔ ہمیں یہ باتیں سمجھنا مشکل لگتا ہے لیکن فانی ذہن خداوند یسوع مسیح کی ذات کو کبھی کامل طور پر سمجھ نہیں سکتا۔ یہ حقیقت ایک بھید ہے کہ خدا ایک انسان کے روپ میں اس دنیا میں آیا اور رہا۔ یہ بھید ہماری عقل اور سمجھ سے بالکل باہر ہے۔

''سامریہ کی ایک عورت پانی بھرنے آئی۔۔۔'' (یوحنا 7:4)۔

جب یسوع کنوئیں پر بیٹھا ہوا تھا تو یہ عورت پانی بھرنے کنوئیں پر آئی۔ اکثر خواتین گروپ کی صورت میں کنوئیں پر پانی بھرنے آتی تھیں۔ اکثر علما کہتے ہیں کہ اگر یہ دوپہر کا وقت تھا تو عورتوں کے لئے کنوئیں پر جانے کا وقت بہت اہم تھا۔ کیونکہ یہ دن کا گرم ترین وقت ہو تا ہے۔ لیکن وہ ایک بدکار عورت تھی اس نے شرم کے مارے یہی وقت چنا ہو گا کیونکہ جانتی تھی کہ اس وقت کوئی دوسری عورت وہاں نہ ہو گی۔ بے شک خداوند کو شروع ہی سے سب کچھ علم تھا کہ وہ اس وقت کنوئیں پر آئے گی۔ وہ جانتا تھا کہ یہ کتنی ضرورت مند ہے چنانچہ اس نے اُس سے ملنے کا فیصلہ کیا تاکہ اُسے اُس کی گناہ آلودہ زندگی سے رہائی دے۔

انسان اپنی قوت کو بروئے کار لاتے ہوئے بہت کچھ کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن اس کی سکت محض جسمانی فائدے تک محدود رہ جاتی ہے کہ کیونکہ بدن کی فکر میں یہ اپنی روحانی فکر کو ترک کر دیتا ہے ۔ بالآخر ایک مقام پر جا کر اس کی قوت ختم ہو جاتی ہے اور وہ پھر اس بات کا محتاج ہو جاتا ہے کہ کوئی اس کی مدد کرے۔

چنانچہ یسوع مسیح نے خود کو حاضر کر دیا۔اور انسان کو اس وقت تک کوئی تسلی، مدد اور اطمینان نہیں ملا جب تک کہ خدا کا یہ اکلوتا اور ابدی بیٹا اپنی محبت کی بنا پر انسان کی پست حالی پر رحم کھا کر اس کی مدد کے لئے آسمان سے نیچے نہ اتر آیا۔یوں صلیب پر یسوع مسیح نے اپنے لوگوں کے لئے کفارہ دے دیا۔ ۔ خدائے ثالوث نے اپنے وجود اور اپنے منصوبہ کے وسیلہ سے تمام انسانوں کو محفوظ رکھا۔

کلام مقدس کے اس حصے میں ہمیں روحوں کو جیتنے والا استاد مصروف کار نظر آتا ہے۔ بہتر ہو گا کہ ہم ان طریقوں کا بغور مطالعہ کریں جو اُس نے استعمال کئے کہ کس طرح اس عورت کو اُس کی ضرورت کا احساس دلایا اور اس کے مسئلے کا حل پیش کیا گیا اگر ہم بھی خداوند سے اتنی زیادہ بات کریں جتنی کہ سامری عورت نے بات کی تو یقیناً ہماری بھی زندگی گواہی ایسی ہی کامیاب ہو گی۔ یسوع مسیح نے گفتگو کا آغاز کرنے کے لئے اُس سے ایک درخواست کی یسوع سفر سے تھکا ماندہ تھا اُس نے عورت سے کہا مجھے پانی پلا۔

یہاں یسوع اور اُس عورت کے مابین بات چیت کے دوران عورت نے اظہار کیا کہ تُو تو یہودی ہے پھر سامری عورت سے کیوں پانی مانگتا ہے کیونکہ یہودی سامریوں سے کسی طرح کا برتاؤ نہیں رکھتے تھے اس عورت نے یسوع کو اس کے لباس اور بول چال سے اندازہ کیا کہ یہ شخص یہودی ہے۔

یسوع مسیح نے اس عورت سے عام یہودیوں جیسا سلوک نہ کیا بلکہ بہترین اخلاقیات کا مظاہرہ کیا۔

انسانی نقطہ نظر سے یسوع کو کیوں پانی مانگنا پڑا کیونکہ اُس کے شاگرد شہر میں کھانا مول لینے کو گئے تھے۔ عام طور پر شاگردوں کے پاس پانی نکالنے کے برتن ہوتے تھے مگر وہ ساتھ ہی شہر میں لے گئے چنانچہ خداوند کے پاس کنوئیں سے پانی لینے کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔

عورت نے یسوع کو پہچان لیا تو حیران ہوئی کہ وہ ایک سامری عورت سے باتیں کرنے لگاہے۔ سامری دعوےٰ کرتے تھے کہ ہم یعقوب کی نسل سے ہیں اور خود کو اسرائیلی سمجھتے تھے۔ جبکہ در اصل وہ یہودی اور بت پرستوں کی مخلوط نسل تھے۔ اُنہوں نے کوہ گرزیم کو اپنی مستند پرستش کی جگہ بنا لیا تھا۔ یہ پہاڑ سامریہ میں واقع تھا۔ اس گفتگو کے دوران وہ پہاڑ صاف نظر آ رہا تھا۔یہودی سامریوں سے سخت نفرت کرتے تھے۔ اسلئے اس عورت نے خداند یسوع سے کہا کہ تُو یہودی ہو کر سامری عورت سے کیوں پانی مانگتا ہے۔ وہ نہیں جانتی

تھی کہ وہ اپنے خالق خداوند سے مخاطب ہے اور کہ اُس کی محبت تمام انسانی تفرقات اور امتیازات سے کہیں بالا تر ہے۔

خداوند نے اُس سے ایک درخواست کر کے اس کے تجسس اور آرزو کو جگایا اب یہ کہہ کر ان کو مزید ابھارتا ہے کہ میں خدا اور انسان دونوں ہوں۔ اول تو وہ خود خدا کی پہلی بخشش ہے یعنی وہ ہستی جس کو خدا نے دنیا کا منجی ہونے کے لئے بخش دیا یعنی اُس کا اکلوتا بیٹا۔ مگر وہ انسان بھی تھا جس نے سفر سے تھکا ماندہ ہو کر پینے کو پانی مانگا ۔ دوسرے لفظو ں میں اگر وہ جان لیتی کہ جس سے مخاطب ہوں وہ خدا ہے جو جسم میں ظاہر ہوا ہے تو اس سے برکت مانگتی اور وہ اسے زندگی کا پانی دیتا۔ عورت صرف لغوی معنوں میں پانی کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ اور جانتی تھی کہ ضروری سازو سامان کے بغیر وہ پانی حاصل نہیں کر سکتا۔ وہ نہ تو خداوند کو پہچان سکی اور نہ اُس کے حقیقی مقصد کو جان سکی۔

انسان کی بدی کے باعث جو خدا سے بیگانگی پیدا ہوئی اُس کا علاج بنی نوع انسان کی نجات ہے کیونکہ وہ ہمیں راستباز بنانا چاہتا ہے لیکن اس کے برعکس خدا مسیح میں گنہگاروں کو خوش آمدید کہتا ہے تا کہ وہ پھر توبہ کریں اور وہ انہیں مخلصی بخشے۔ایک وہ ہیں جو نئی زندگی کا تقاضا کرتے ہیں اور دوسرا وہ ہے جو اسے مہیا کرتا ہے۔ یہ اُس کے خون کی قربانی سے ممکن ہوا ہے۔ وہ جو اُس کے خون سے دُھل گئے ہیں اُن پر اب سزا کا حکم نہیں اور وہ عدالت کی سزا سے بچ گئے ہیں۔ اب ہمارے تمام گناہوں کی سزا کو دُور کر دیا گیا ہے۔

خدا ، مسیح یسوع کے نجات بخش کام کے ذریعہ اپنی پاکیزہ خوبی کا اظہار کرتاہے۔ جب ہم مسیح کی پاکیزگی کے جلال کو دیکھتے ہیں تو ہم اُس پاکیزگی کی بات کرتے ہیں جو بطور خدا اُس کی ذات کا حصہ تھا کیونکہ یہ تو ہمارے لئے نمونے کا باعث ہو سکتی ہم اُسے اُس شخص کی حیثیت میں دیکھتے ہیں جو سب باتوں میں بے عیب رہا۔کیونکہ اسے بھی ہمای طرح سب باتوں میں آزمایا گیا تو بھی بے عیب رہا۔ اسی لئے مسیح ہمارا پیشرو بنا اور وہی بے عیب برّہ بھی بنا۔ یسوع مسیح زندگی، راستبازی، نجات اور تمام نیکی کا خداوند ہے اُس نے ہم ابدی ہلاکت کے وارثوں کو جہنم کے منہ سے نکال لیا، مخلصی بخشی ۔اور خدا وند نے اسی کے وسیلہ سے ہمیں کامل کیا اور ابدی نجات میں داخل کیا ہے۔اور ایک بار پھر وہ نئے سرے سے ہمیں باپ کے فضل اور نظرِ کرم کا اہل بنا دیتا ہے۔

جب پاک روح آپ کی زندگی میں آتا ہے اور اپنی قادر اور زبردست محبت کے وسیلے سے آپ کو تبدیل کر دیتا ہے، ہماری ذاتی راستبازی اس حد تک نہیں کہ ہم خدا کو خوش کر سکیں ۔ اور نہ ہی اپنے اعمال کے باعث اُسے پسند آسکتے ہیں۔چنانچہ نیک اعمال کے باعث کچھ فخر نہیں۔ ہماری تمام تر فطرت گناہ کے ماتحت ہے۔ پس لازم ہے کہ خدا کے منصوبہ کے تحت اُس کے نجات کے حصول کو ممکن بنائیں۔جب وہ انسان کو اپنے پاس بُلاتا ہے اور اس میں نئی زندگی پیدا کرتا ہے تو کوئی حالات بلکہ ابلیس اور موت بھی خدا کی محبت کو ہم پر غالب آنے اور ہمیں فتح حاصل کرنے سے روک نہیں سکتے۔

پس خون جسے خدا نے پاک کر نے کا وسیلہ ٹھہرایا ہے ،ہمیں ہماری تمام ناراستی سے پاک کرتا ہے۔ پرانا عہدنامہ اسی بات پر زور دیتا ہے کہ خدا خلاصی کے لئے خون استعمال کرتاہے۔ خون سے ذریعہ سے وہ گناہوں کو براہِ راست مٹاتا ہے۔ لیکن اس کے بر عکس ہم دیکھتے ہیں کہ جہاں تک گناہ جو ہم میں بسا ہوا ہے اور اس کی طاقت سے چھٹکارے کا تعلق ہے،خدا خود ہمارے مخلصی کی راہ تیار کرتا ہے۔

نیا عہدنامہ میں نجات کو پرانے عہدنا مہ کے پس منظر میں بیا ن کیا گیا ہے۔ یوں یہ کہہ سکتےہیں کہ اس کی بنیاد پرانے عہد نامہ میں موجود ہے۔ یسعیاہ بنی اسرائیل کے ساتھ ساتھ بقیہ کی صورت میں غیر اقوام کو بھی شامل کرتا ہے اور اسی وجہ سے ہم جو بنی اسرائیل کے نزدیک غیر اقوام ہیں۔ اُس کے منصوبہ کو قبول کرنے سے وعدے میں شریک ہیں۔ تو ہم کیوں نہیں کہہ سکتے کہ فضل سے برگزیدہ بقیہ کے وسیلہ سے ساری دنیا نجات پائے گی۔ خدا کی لازوال بخشش کے سبب سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ خداوند خدا نے اپنی محبت اور رحم کا اظہار غیر اقوام سے بھی کیا۔ سامری عورت در اصل اسی بقیہ کی مثال ہے ۔ جس کے ذریعہ خداوند خدا ان تمام لوگوں کو نسلی اعتبار سے یہودی نہیں ، دعوت دیتے ہیں کہ خدا وند خدا کے لے پالک بیٹے بیٹیاں بن جائیں۔

ہم ہرروز بلکہ ہر وقت اس کوشش میں رہتے ہیں کہ ہمیں اپنے مسائل اور پریشانیوں سے چھٹکارا مل جائے لیکن یہ فطرتی بات ہے کہ ہم ان سے چھٹکارے کی کوشش

کرتے ہیں۔اور ہم اپنے اصل مقصد سے ہٹ جاتے ہیں کبھی کبھار تو ہم اپنی اصل راہ سے پھر جاتے ہیں اور ڈانواںڈول ہو جاتے ہیں۔ پس اُس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ دنیا پر سزا کا حکم ہو جائے اور اس کا خاتمہ ہو جائے بلکہ اسے نجات دینا ہے۔

گناہ جیسے روحانی مسئلے کے باعث ہماری روحانی زندگی اضطراب کا شکار رہتی ہے ۔پس روح کی تازگی کے لئے نجات کا بندوبست ضروری تھا ۔ خدا تو انسان کی رفاقت سے خوش ہوتا تھا تاہم اگر ہم روحانی معنوں سے میں کسی مشکل سے نکلنے کے متعلق سوچتے ہیں تو یہ رہائی ہمیں نجات تک پہنچنے میں بے حد مددگار ہوتی ہے،کیونکہ اسی رہائی کے متعلق ہم روزمرہ زندگی میں ہر روز دن میں کئی بار سوچتے ہیں۔ خدا کی مہیا کردہ نادیدنی اور اندیکھی ایمان کی قوت کے باعث ہم نجات پالیتے ہیں۔ہمیں سامری عورت کی مانند اپنے من کو خالی کر کے اسے اپنے دل میں جگہ دینے کی ضرورت ہے اور ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنے تمام گناہوں کا اقرار اُس کے سامنے کرنا ہے کیونکہ وہ نجات اور بخشش کے اظہار کے لئے اقرار کی توقع کرتا ہے۔

اسی طرح جب نیکدیمس رات کے وقت یسوع کے پاس آیا تو یسوع نے اسے بھید کی باتیں سکھانا چاہا لیکن وہ بھی فوراً یسوع مسیح بات کو سمجھ نہیں سکا۔ حالانکہ وہ اُستاد تھا۔ اور فریسی تھا۔

جب اُس عورت کا دھیان قوم کے بزرگ یعقوب کی طرف گیا تو اُس کی الجھن اور بھی بڑھ گئی یعقوب نے یہ کنواں ان لوگوں کو دیا تھا اور خود اُس نے اور اُس کے بیٹوں نے اور اس کے مویشیوں نے اُس میں سے پیا۔ اور اب صدیاں گزر جانے کے بعد یہ ایک تھکا ماندہ مسافر تھا جو درخواست کر رہا تھا کہ مجھے اس کنوئیں سے پانی پلا۔

اور ساتھ ہی یہ دعویٰ کرتا ہے کہ میں یعقوب کے دئے ہوئے پانی سے بہتر چیز دے سکتا ہوں ۔ اگر یسوع مسیح کے پاس اُس سے بہتر چیز ہے تو کیوں یعقوب کے کنوئیں سے پانی کی درخواست کر تا ہے؟

اسلئے خداوند سمجھانے لگا کہ یعقوب کے کنوئیں کے عام پانی میں اور جو پانی میں دوں گا اس میں کیا فرق ہے؟ جو کوئی اس پانی میں سے پیتا ہے وہ پھر پیاسا ہو گا۔ بے شک سامری اس بات کو جانتی اور سمجھتی تھی وہ ہر روز وہاں پانی بھرنے آتی تھی ۔مگر ضرورت کبھی پورے طور سے پوری نہیں ہوتی تھی۔ در اصل خدا ہم سے کس بات کی توقع کرتا ہے۔بطور مسیحی نیا عہدنامہ ہمیں بڑی خوبصورت اُمید دیتا ہے۔ ہم حیرانگی کا اظہار کرتے ہیں شاید ہم نے کبھی اس قسم کے برکت کے بارے میں کبھی سوچا تک نہ تھا۔یہ حیران کن منصوبہ کو خداوند خدانے ہمارے لئے پورا کیا۔

لیکن جو پانی یسوع دیتا ہے وہ حقیقی طور پر پیاس بجھاتا ہےجو کوئی مسیح کی برکات اور رحم میں سے پئے گا وہ ابد تک کبھی پیاسا نہ ہو گا۔ اس کی برکات نہ صرف دلوں کو سیر کرتی

ہے بلکہ اوپر سے چھلک کر بہنے لگتی ہیں۔ وہ رواں چشمہ کی مانند ہے ۔جو نہ صرف اس زندگی میں بلکہ ابدیت میں بھی مسلسل بہتا رہتا ہے جو ہمیشہ کی زندگی کے لئے جاری رہتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ مسیح کے دیئے ہوئے پانی کااثر صرف اس زندگی میں نہیں بلکہ آنے والی زندگی یعنی ہمیشہ کی زندگی میں بھی جاری رہتا ہے۔

''مگر جو کوئی اُس پانی میں سے پیئے گا جو میں اُسے دوں گا وہ ابد تک پیاسا نہ ہو گا بلکہ جو پانی میں اُسے دونگا وہ اُس میں ایک چشمہ بن جائے گا جو ہمیشہ کی زندگی کے لئے جاری رہے گا۔ عورت نے اُس سے کہا اے خداوند وہ پانی مجھ کو دے تا کہ میں نہ پیاسی ہوں اور نہ پانی بھرنے کو یہاں تک آؤں۔''(یوحنا 4:14-15)۔

اس دنیا میں ملنے والی خوشیاں محدود اور تھوڑے وقت کے لئے ہوتی ہیں۔ لیکن وہ مسرتیں جو یسوع مسیح ہمیں عطا کرتا ہے ہمیشہ کی زندگی کے لئے جاری رہتی ہیں۔ جب اُس عورت نے اس حیرت افزا پانی کے بارے میں سنا تو فورا کہنے لگی کہ خداوند وہ پانی مجھ کو دے۔ مگر وہ ابھی تک عام پانی کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ وہ چاہتی تھی کہ مجھے ہر روز پانی بھرنے کو کنوئیں پر نہ آنا پڑے اُسے اس بات کا احساس نہ تھا کہ جس پانی بات خداوند یسوع کر رہا ہے وہ روحانی پانی ہے جس سے مراد ساری برکتیں ہیں جو انسان کو مسیح پر ایمان لانے سے ملتی ہیں۔

یہاں گفتگو ایک دم تبدیل ہو جاتی ہے جب اُس عورت نے خداوند سے پانی کی درخواست کی تو یسوع نے جواب دیا کہ جا اپنے شوہر کو بلا لا۔ یسوع نے ایسا کیوں کیا؟ کیونکہ نجات پانے سے پہلے لازم ہے کہ یہ عورت اپنے گناہ کا اقرار کرے۔ خداوند اُس کی ساری گناہ آلودہ زندگی کے بارے میں جانتا تھا اور قدم قدم پر اس کی راہنمائی کر رہا تھا کہ وہ خود اپنی زندگی کو پرکھے۔

صرف وہی لوگ نجات پا سکتے ہیں جو جان لیتے ہیں ہم گنہگار اور بھٹکے ہوئے ہیں۔ کھوئے ہوئے تو سب انسان ہیں مگر سب اس حقیقیت کو ماننے پر آمادہ نہیں ہوتے ۔ ہم بھی جب لوگوں کو مسیح کے پاس لانے کی کوشش کرتے ہیں تو کبھی گناہ کے اقرار کو نظر انداز نہ کریں۔ ہم ان کی راہنمائی کریں کہ وہ اس حقیقت کا سامنا کریں کہ ہم خطاکار ہیں اور گنہگار ہیں اور یہ کہ یسوع ہی منجی ہے جس کی ہم کو ضرورت ہے۔ اگر توبہ کرکے اس پر ایمان لائیں گے اس پر بھروسہ کریں گے تو وہ ہم کو نجات دے گا۔

پہلے تو عورت نے کوشش کی کہ جھوٹ بولے بغیر سچائی کو چھپائے رکھے۔ اُس نے کہا میں بے شوہر ہوں۔۔ غالباً قانونی مفہوم میں اُس کا بیان بالکل درست تھا۔ لیکن اُس کا مقصد اُس گھنونی حقیقت کو چھپانا تھا کہ اُس وقت وہ ایک ایسے شخص کے ساتھ گناہ کی زندگی بسر کر رہی تھی جو اُس کا شوہر نہ تھا۔

خداوند یسوع یہ سب کچھ جانتا تھا چنانچہ وہ عورت سے کہنا لگا کہ تُو نے خوب کہا کہ 'میں بے شوہر ہوں''۔ بے شک وہ اپنے ہم جنس انسانوں کو دھوکا دیتی تھی۔ لیکن یسوع کے سامنے جھوٹ بول نہیں سکتی تھی کیونکہ وہ علیمِ کُل ہے۔

''۔۔۔۔۔یہ تُو نے سچ کہا۔''(یوحنا 4:18)۔

یہ اس سامری عورت کا اقرار ہے کیونکہ اس آیت میں اُس نے اپنے گناہ کا اعتراف کیا ہے۔خداوند سب کچھ جانتا ہے مگر وہ اپنا علم کسی کو بِلا ضرورت بے نقاب کرنے یا اُسے شرمندگی سے دو چار کرنے کے لئے کبھی استعمال نہیں کرتا البتہ وہ اپنے علم کو کسی انسان کو گنا ہ کے بندھنوں سے آزاد کرنے کے لئے ضرور استعمال کرتا ہے۔ یہاں یسوع مسیح اس کی پچھلی زندگی کی بابت گفتگو کرتے ہوئے اس کے باطن میں چھپے ہوئے گناہ کو جس کا وہ اقرار نہیں کر نا چاہتی باہر کھینچ نکالتے ہیں۔

اس گناہ آلودہ اور فانی جہان میں ہم کامل زندگی کی توقع نہ کر سکتے۔ کیونکہ یہ فنا کا لقمہ ہو جائے گی کیونکہ بدی کسی نہ کسی طور سے کمزور انسان کو دبا لیتی ہے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ یسوع مسیح کا خون کامل نہیں کرتا ہے ، ہرگز نہیں، ہم صرف اپنی کمزوری کے باعث گناہ کا شکار ہوجاتے ہیں۔ توبہ کا عمل ہمیں بحال کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

انسان ہمیشہ اپنی بدکرداری کے باعث خالق خدا کے خلاف بغاوت کا علم بلند کئے رکھتا ہے۔ انسان اپنی جسمانی خواہش کے باعث بار بار خدا کو خفا کرتا ہے لیکن وہ ہر بار اس کے لئے معافی کا ذریعہ مہیا کرتا ہے کبھی جانوروں کا خون بہا کر کفارہ دیتا ہے تو کبھی اپنے بیٹے کو تجسم عمل میں لاتاہےکفارہ کے علاوہ کوئی دوسری تعلیم، انسان کی گناہ آلودہ فطرت اور یہ کہ انسان اپنے آپ کو بچا نہیں سکتا، اتنی صفائی سے بیان نہیں کرتی۔ کیونکہ مخلوقات کمال آرزو سے خدا کے بیٹے کی منتظر تھی۔

یسوع مسیح خدا کا فاتح برّہ ہے جو خودکو ذبح ہونے کے لئے پیش کرتا ہے۔ خدا کے برّے یسوع مسیح کی قربانی در حقیقت اُس کے لوگوں کی خلاصی کا ذریعہ ہے۔ خدا کی نجات کا تمام کام خدا کے برّہ یسوع مسیح کے وسیلہ پایہ تکمیل کو پہنچا۔ یوں جسم میں ہوتے ہوئے مسلسل دکھ اٹھایا، پس جب مسیح نے جسم کے اعتبار سے دکھ اٹھایا، تو اُس نے گناہ سے فراغت پائی۔ تا کہ آئندہ کوہم گناہ میں زندگی نہ گزاریں جو خدا کے مخالف ہے۔ بلکہ اُس کی نئی زندگی کے تابع رہ کر کاملیت کو کامل تک پہنچائیں۔

یسوع مسیح نے خداکی لازوال میراث کی دعوت ہم سب کو دی ہے تا کہ وہ جلال جو اُس کے وسیلہ سے ظاہر ہوا ہم میں بھی ظاہر ہو ، اُس کی میراث میں زندگی اور اجر کے تمام عناصر موجود ہیں جن میں وہ ہمیں شامل کرنا چاہتا ہے ۔ اس میراث کے حصول کے لئے اُس نے ہم کو اپنے خاص جلا ل اور نیکی کے ذریعے سے بلایا۔

چنانچہ گناہ کے کفارہ کے لئے ایک بے عیب برّے کے خون کی ضرورت تھی۔ چنانچہ خدا نے اپنے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کا خون ہمارے لئے بہا دیا۔ تا کہ اُس کے خون سے ہم پاک صاف ہو جائیں۔ مسیح کی کفارہ کی موت خدا کے عدل اور محبت اور اپنی شبیہ سے عقیدت کا اظہار ہے۔

ہم اپنے ہی گناہوں کے باعث خدا کی ابدی ہلاکت کے حقدار بن گئے تھے۔کیونکہ بدی انسانی سرشت میں سما گئی ، اور روحانی بگاڑ کا باعث بنی لیکن خدانے اپنی محبت میں اپنے بیٹے کو ہمارے لئے مجسم کر کے بھیجا اُس نے ہمارے گناہوں کے لئے صلیب پر جان دی اور تیسرے دن مُردوں میں سے جی اٹھا۔ خدا نے بیٹے کو دنیا میں اس لئے نہیں بھیجا کہ سزا کا حکم کرے بلکہ اس لئے کہ دنیا اُس کے وسیلہ نجات پائے۔

''عورت نے اُس سے کہا اے خداوند مجھے معلوم ہوتا ہے کہ تُو نبی ہے۔ ہمارے باپ دادا نے اس پہاڑ پر پرستش کی اور تم کہتے ہو کہ وہ جگہ جہاں پرستش کرنا چاہئے یروشلیم میں ہے۔''(یوحنا 4:19-20)۔

جب اس کی زندگی اُس کے سامنے کھول کر رکھ دی گئی تو وہ جان گئی کہ یہ شخص جو مجھ سے باتیں کر رہا ہے کوئی معمولی شخص نہیں ہو سکتا ۔ البتہ ابھی تک جان نہیں پائی تھی کہ وہ کون ہے۔ وہ اس کے بارے میں جو بڑے سے بڑا اندازہ لگا سکتی تھی یہ تھا کہ وہ نبی ہے۔ یعنی خدا کا پیامبر۔

معلوم ہوتا ہے کہ عورت کے دل پر چوٹ لگی چنانچہ اُس نے موضوع بدلنے کی کوشش کی اور عبادت کی جگہ کے بارے میں سوال کرنے لگی۔ اُس کے کہنے کے مطابق ہمارے باپ دادا نے اس پہاڑ پر پرستش کی ۔ اُس نے قریبی پہاڑ گرزیم کی طرف اشارہ کیا۔ پھر اُس نے خدا وند کو بِلا ضرورت یاد دلایا کہ یہودی کہتے ہیں کہ وہ جگہ جہاں پرستش کرنی چاہئے یروشلیم میں ہے۔

جب یسوع نے کہا کہ تم جسے جانتے ہو اُس کی پرستش کرتے ہو۔ تو اُس نے سامری طریقہ عبادت کی مذمت کی۔ کیونکہ اُن کا خیال تھا کہ آخر میں سب مذاہب بہشت میں چلے جائینگے۔ خداوند یسوع نے اس عورت کو بتا دیا کہ سامری جس طرح عبادت کرتے ہیں وہ خدا کی طرف سے منظور شدہ طریقہ نہیں ہے۔ خود خداوند نے اسے منظور نہیں کیا۔ یہ انسان کی اختراع تھی۔ اسے خدا کے کلام کی منظوری نہ تھی مگر یہودیوں کی عبادت ایسی نہ تھی خدا نے یہودی قوم کو اپنی برگزیدہ قوم کے طور پر الگ کیا ہوا تھا۔ اُس نے عبادت اور پرستش کے بارے میں ان کو مکمل ہدایات دی تھیں۔

جب خداوند نے فرمایا کہ نجات یہودیوں میں سے ہے ۔ تو وہ بتا رہا تھاکہ خدا نے یہودی قوم کو اپنا پیامبر مقرر کیا ہے۔ انہی کو اُس نے پاک صحائف دئے ہیں۔ اور یہودی قوم کی ہی معرفت مسیح موعود دنیا میں آیا۔ وہ یہودی ماں سے پیدا ہوا تھا۔

پھر یسوع نے ساری حقیقت اُس پر بیان کر دی کہ مسیح یسوع کے آنے پر ضروری نہیں رہا کہ خدا کی پرستش کسی مخصوص جگہ پر ہی کی جائے۔ جو لوگ خدا وند یسوع مسیح پر ایمان لاتے ہیں وہ کسی جگہ اور کسی بھی وقت خدا کی پرستش کر سکتے ہیں۔ حقیقی پرستش کا مطلب یہ ہے کہ ایماندار ایمان اور یقین کے ساتھ خدا کی حضوری میں آئے۔ اس کی حمدو ثنا کرے۔

سامری عورت جب یسوع کی باتیں سن رہی تھی تو اسے آنے والے مسیح موعود کا خیال آ رہا تھا ۔ خدا کے پاک روح نے اس کے دل میں یہ خواہش جگا دی تھی کہ کاش خرستس آ جائے۔ اُس نے اس یقین کا اظہار کیا کہ جب وہ آئے گا تو ہمیں سب باتیں بتا دے گا۔ اس بیان میں وہ مسیح کے آنے کے ایک بڑے مقصد کو سمجھنے کا اظہار کرتی ہے۔

یسوع نے اُس سے کہا کہ میں جو تجھ سے بول رہا ہوں وہی ہوں۔ جب یسوع نے کہا کہ میں ہوں۔ وہ اس عورت پر چونکا دینے والی حقیقت کا انکشاف کر رہا تھا کہ جو اُس سے ہمکلام ہے وہی مسیح موعود ہے ۔ جس کا اُسے انتظار تھا اور کہ وہ خودخدا ہے۔ خداہمیں کچھ نہ کچھ سکھانے کے لئے زندگی کے تجربات میں سے گزارتا ہے۔ یہی اس بات کا ثبوت ہے ہم خدا وند خدا پر ایمان رکھتے ہیں۔ہمیں ہر وقت تجربہ سے معلوم کرتے رہنا چاہئے کہ ہمارے ایمان کی اب کیا حالت ہے؟ اور ہم کس قدر خداوند خدا پر ایمان اور بھروسہ رکھتے ہیں۔ ایماندار

زندگی کی ایسی کوششیں ہمیں کامیاب بناتی ہیں۔ اور ہم اپنی دعائیہ زندگی میں کامیاب ہوتے جاتے ہیں۔ اسی طرح ہم اس جہان کی ساری تاریکی پر غالب آتے ہیں۔

اُس پر ایمان رکھنے کے نتیجے میں وہ ہمیں مصیبت میں اطمینان اور راستبازی میں کامل کامیابی عطا کرتا ہے۔

چنانچہ خداوند خدا اپنے بیٹے کی صورت میں انسانی تاریخ میں داخل ہوتا ہے اور اپنی خوبیاں بیان کرتا ہے۔بائبل مقدس کہتی کہ ''خدا کو کبھی کسی نے نہیں دیکھا اکلوتا بیٹا جو باپ کی گود میں ہے اُسی نے ظاہر کیا۔'' یہ اس بات کا کامل اظہار ہے کہ ایک دن خدا کا برّہ مکمل طور ابدی نجات ادا کردے گا، اور ان قربانیوں کی تکمیل اسی میں ہوگی۔دنیا گناہ میں گری ہوئی ہے اس لئے خدا کی روح ہمیشہ انسان کی روح کی بحالی کی فکر مند رہے گی اور اسے اپنے واپس اسی مقام پر لانے کی فکر مند رہتی ہے۔ کبھی کبھار ہم خیال کرتے ہیں کہ شاید عقل اور انسانی حکمت کے بل پر اس مسئلے کو حل کر سکتے ہیں۔

خدا نے جوکچھ اس دنیا میں کیا ہے اس کا مقصد بنی نوع انسان کی نجات ہے۔ اگر خدا کا بیٹا ہمارے گناہوں کی سزا اپنے اوپر نہ اٹھا لیتا تا کہ ہم معاف کر دئے جائیں تو ہم خدا سے کوئی امید نہ رکھ سکتے تھے۔ کہ وہ انسان کو گناہ اور بدی سے چھڑا ئے اور اسے ابدی نجات بخشے۔بیٹے نے اپنی جسمانی زندگی میں باپ کی پوری پوری تابعداری کی۔ہم اپنی کمزوریوں کے باعث جسمانی بیماریوں اور دکھوں اور مصائب سے دوچار رہتے ہیں ۔ ہم نے خداکے اُس

معیار کو برقرار نہ رکھا جس کی توقع اُس ابدی خدا کو ہم سے تھی۔ چنانچہ یہ ضروری ہے کہ یہ ہرجانہ ایک ایسی ہستی ادا کرے جو انسان بھی ہو اور خدا بھی۔ اور صرف حقیقی انسان ہی اسے ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔

یسوع مسیح کی قربانی بنی نوع انسان کے فلاح کے لئے لازم و ملزوم ہے کیونکہ ہر ثقافت اور دنیا کے تمام مذاہب قربانی کے قوانین کو اپنے طور پر مانتے ہیں، خدا کی فرمانبرداری اور تابعداری بطور انسان ہم سب پر لازم ہے لیکن جب تک اسے نہ جانیں اور اسے نہ پہچانیں یہ ممکن نہیں ۔

''اتنے میں اس کے شاگرد آ گئے اور تعجب کرنے لگے کہ وہ عورت سے باتیں کر رہا ہے تو بھی کسی نے نہ کہا کہ تُو کیا چاہتا ہے؟ یا اُس سے کس لئے باتیں کرتا ہے؟۔'' (یوحنا 27:4)۔

جب شاگرد سُوخار سے لوٹے تو دیکھا کہ وہ عورت سے باتیں کر رہا تھا وہ تعجب کرنے لگے۔ کیونکہ وہ سامری تھی غالباً وہ اندازہ لگا سکتے تھے کہ وہ بدکار عورت ہے۔ تو بھی کسی نے یسوع کے ساتھ اس کے متعلق بات نہ کی۔

''اتنے میں اس کے شاگرد اس سے یہ درخواست کرنے لگے کہ اے ربی! کچھ کھا لے۔ لیکن اُس نے کہا کہ میرے کھانے کے لئے ایسا کھانا ہے جسے تم نہیں جانتے۔ پس شاگردوں نے آپس میں کہا کیا کوئی اُس کے لئے کچھ کھانے کو لایا ہے؟۔ یسوع نے اُن سے کہا میرا کھانا

یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے موافق عمل کروں اور اُس کا کام پورا کروں۔ کیا تم کہتے نہیں کہ فصل کے آنے میں ابھی چار مہینے باقی ہیں؟۔ دیکھو میں تم سے کہتا ہوں اپنی آنکھیں اٹھا کر کھیتوں پر نظر کرو کہ فصل پک گئی ہے۔ْاور کاٹنے والا مزدوری پاتا ہے اور ہمیشہ کی زندگی کے لئے پھل جمع کرتا ہے تا کہ بونے والا اور کاٹنے والا دونوں ملکر خوشی کریں۔۔ کیونکہ اس پر یہ مثل ٹھیک آتی ہے کہ بونے والا اَورہے۔ کاٹنے والا اَور۔ْ ''(یوحنا 4:37-31)۔

اب شاگردوں نے یسوع سے درخواست کی کہ کچھ کھا لے۔ اُن کی سوچ اور توجہ جسمانی خوراک کی فکر تک محدود تھی ۔ خداوند یسوع کو اپنے باپ کے لئے پرستار ڈھونڈنے میں کھانااور تقویت مل گئی تھی ۔ اس خوشی کے بالمقابل جسمانی خوراک کوئی اہمیت نہیں رکھتی تھی۔یسوع مسیح کی دلچسپی روحوں کو بچانے میں تھی وہ جو گناہ کی دلدل میں پس رہے تھے اُن کو ہمیشہ کی زندگی کا پانی دینے میں وہ مصروف تھا۔ اپنے زمینی اور دنیوی نقطہ نظر کے باعث شاگرد خداوند کی بات کو سمجھنے سے قاصر رہے۔ وہ اس حقیقت کی تہہ تک نہیں پہنچ سکے۔ کہ روحانی کامیابی کی خوشی انسان کو ہر قسم کی جسمانی ضرورت سے بالا تر لے جا سکتی ہے۔ اسی لئے وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ کوئی آیا ہے اور خداوند یسوع مسیح کے لئے کھانے کو لایا ہے۔ ہم سب مخلوق ہیں اور انسان کا خدا سے رابطہ منقطع ہوا ، چنانچہ اس بات ضرورت

محسوس ہوئی کہ انسان کو ابدی نجات دی جائے تاکہ یہ تعلق پھر سے بحال ہو سکے، اس کی بحالی کے لئے قیمت ادا کرنے کی ضرورت درپیش تھی۔

یسوع دوبارہ کوشش کرتا ہے کہ ان کی توجہ مادی چیزوں کی فکر سے ہٹاکر روحانی باتوں کی طرف متوجہ کرے چنانچہ وہ کہتا ہے میرا کھانا یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے موافق عمل کروں اور اس کا کام پورا کروں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ یسوع کھانا کھانے سے پرہیز کرتا تھا۔بلکہ یہ ہے کہ اس کی زندگی کا بڑا مقصد خدا کی مرضی کو اپنی زندگی سے پورا کرنا تھا۔ ہم از خود اپنے آپ کو پاک نہیں کر سکتے ، کامل نہیں کر سکتے۔کچھ ایسی ہی وجوہات کی بنا پر خداوند خداکی طرف ہمیں رجوع کرنا پڑتا ہے۔تاہم ہر ایماندار اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ ہمیں عوضانہ کے طور پر کچھ نہ کچھ ادا کرنا پڑتا ہے ، کیونکہ یہ دائمی قانون ہے جس کا ذکر پہلے سے خدا نے پرانے عہد نامہ میں کیا ہے۔

شاید شاگرد آپس میں آنے والی فصل کے بارے میں بات چیت کرتے رہتے تھے۔ یا پھر یہودیوں کا یہ عام محاورہ اور مثل تھی کہ فصل کے آنے میں ابھی چار مہنے باقی ہیں۔ یعنی فصل بونے اور تیار ہونے میں ابھی چار مہینے کا وقفہ ہے۔کچھ بھی ہو، خداوند نے پھر فطرت کی ایک حقیقت یعنی فصل کو استعمال کر کے روحانی سبق سکھایا۔ شاگرد یہ نہ سوچیں کہ فصل پکنے میں دیر ہے۔ یہ کہہ کر وہ اپنی زندگیاں کھانے اور کپڑے کے حصول میں نہ گزاریں۔ کہ خدا کام بعد میں کیا جا سکتاہے۔ ان کو جاننا چاہئیے کہ فصل پک گئی ہے۔یہاں کھیتوں سے

مراد دنیا ہے۔ اگر آج ہمیں ایسا کرنا پڑتا ہے اور ہم اس حیثیت کے مالک نہ ہوتے تو ہمارے لئے کیا ہوتا ، پھر تو ہم ہرگز خدا تک پہنچ نہیں سکتے تھے۔ پاک ترین مقام تک ہماری رسائی ممکن نہ تھی۔ چنانچہ خدا کی راستی کے معیار کو پانے کی کوشش میں ہم ابدی نجات کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ یوں ہمیں راستبازی کے معیار کو پانا آسان ہو جاتا ہے۔

نئے عہد سے پیشتر خدا تک رسائی خاصی مہنگی پڑتی ہو گی، اور یہ کام کافی محنت طلب ہو گا، تاہم یہ لازم تھا کہ کامل راستباز ی تک پہنچنے کے لئے ایسا کیا جائے۔خدا پاکیزگی میں کاملیت کا تقاضا کرتا ہےاسلئے انسان کو ایسا کرنا پڑتا ہے۔خدا نے ہماری حیثیت اور مرتبے کا اندازہ کرتے ہوئے خود تاریخ میں مداخلت کی اور اسے مکمل کِیا۔اب ہمیں بھی سنجیدگی سے خدا کے ساتھ ٹوٹے ہوئے رشتے کو بحال کرنے کے لئے سوچنا چاہئے تاکہ اس کے نفع سے بے بہرہ نہ رہیں۔

اب ہم نیکی کی تمنا میں شب و روز کوشش کرتے ہیں تاکہ پاکیزگی حاصل کریں۔اگر ہم نیکی کی راہ اختیار نہیں کرتے تو یقیناً خدا کی عدالت ہماری منتظر ہو گی۔ اور ہم خدا کے غضب کی توقع کر سکتے ہیں۔ لیکن بنیادی طور پر خدا کے جذبات انسان کے لئے اچھے ہیں کیونکہ وہ رحم دل ہے، اسلئے فوراً اپنے غضب میں جواب نہیں دیتا۔ ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ یسوع مسیح نے جو کچھ ہمارے لئے کیا گیا وہ درحقیقت ہمارے جسمانی اور

روحانی کردار کی درستی کے لئے ہی کیا گیا ہے۔ ہمیں اپنی شخصی زندگی میں ان باتوں کے لئے دُعا بھی کرنی چاہئے۔ اسی طرح ہمارا اخلاق بہتر ہے تو ہم بغیر کسی رکاوٹ کے دوسروں سے اپنے تعلقات استوار رکھ سکتے ہیں۔ دوسروں سے میل جول کر سکتے ہیں۔ اور ان کے ساتھ رفاقت رکھ سکتے ہیں۔ میرا کردار اور بول چال کا رویہ اس بات کے لئے درست ہونا بہت ضروری ہے۔

ایمانداری کے لئے خدا بھی نیک دل کا تقاضا کرتا ہے۔ ہم بذاتِ خود اس بات کو جان نہیں سکتے ہیں لیکن مسیحیت کا خدا ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ یہ ہماری روحانی زندگی کے سفر کے لئے بہت ضروری ہے کہ خود کو پاک کریں اس کے بغیر ہم روحانی زندگی کی امید نہیں کر سکتے۔

اسی طرح آج بھی خداوند ہم سے کہہ رہا ہے کہ اپنی آنکھیں اٹھا کر کھیتوں پر نظر کرو۔ جب ہم دنیا کی بڑی بڑی ضرورتوں پر غور کرتے ہیں تو خداوند ہمارے دل پر کھوئی ہوئی روحوں کا بوجھ رکھے گا جو ہماری چاروں طرف موجود ہیں۔

''پس وہ پھر قانای گلیل میں آیا جہاں اُس نے پانی کو مَے بنایا تھا اور بادشاہ کا ایک ملازم تھا جس کا بیٹا کفر نحوم میں بیمار تھا۔وہ یہ سن کر کہ یسوع یہودیہ سے گلیل میں آ گیا ہے اُسکے پاس گیا۔۔۔''

(یوحنا 4:46-47)۔

جب خداوند واپس گلیل میں آیا تو لوگوں نے اس کا شاندار خیر مقدم کیا اسلئے کہ جتنے کام اُس نے یروشلیم میں عید کے وقت کئے تھے انہوں نے ان کو دیکھا تھا۔ بے شک گلیلیوں کا یہاں ذکر ہے وہ یہودی تھے۔ وہ عبادت کرنے یروشلیم گئے ہوئے تھے وہاں انہوں نے یسوع کو اور اسکے معجزوں کو دیکھاتھا۔ اب وہ راضی تھے کہ وہ گلیل میں ان کے بیچ میں رہے۔ اسلئے نہیں کہ وہ اسے خدا کا بیٹا مانتے تھے بلکہ اسلئے کہ تجسس کے مارے اس میں دلچسپی لے رہے تھے جس کا چرچا ہر جگہ ہو رہا تھا۔

یسوع بھی نسلی اعتبار سے یہودی تھا۔ مسیح کی کہانت بے مثال اور لازوال ہے ، پرانے عہد کے کاہن ہمیشہ فردِ واحد یا سال میں ایک مرتبہ بنی اسرائیل کی نمائندگی کرتا تھا جب وہ بنی اسرائیل کا کفارہ دیتا تھا، لیکن مسیح تمام نسلِ آدم کا سردار کاہن بننے کے قابل ہوا۔ان تمام حالات میں اُس نے اپنا انکار کیا اور جسم کی ان خواہشوں کو مار دیا جو گناہ کی طرف مائل کرتی تھیں۔

لیکن جب اُس نے بنی نوع انسان کے گناہ اپنے اوپر لئے تو اُس کی معصومیت گناہ کے بوجھ تلے دب گئی۔ وہ تمام گناہ جو آپ نے، میں نے اور ہم سب نے کئے ہیں یا کریں وہ سب اُس کے بن گئے، ورنہ ہم ہلاک ہو جاتے ۔ مسیح کی صلیب ہی ایک واحد بنیاد ہے جس پر خدا گناہوں کو معاف کرتا ہے۔

"۔۔۔اور اُس سے درخواست کرنےلگا کہ چل کر میرے بیٹے کو شفا بخش کیونکہ وہ مرنے کو تھا۔ یسوع نے اُس سے کہا جب تک تم نشان اور عجیب کام نہ دیکھو گے ہرگز ایمان نہ لاؤ گے۔"(4:47-48)۔

قانا کے گاؤں کو خدا نے ایک اور اعزاز بخشا کہ وہاں آیا۔ جب وہ پہلی دفعہ آیا تھا تو کچھ لوگوں نے اُسے پانی مَے میں تبدیل کرتے دیکھا تھا۔ اب وہ اس کا ایک اور زبردست معجزہ دیکھنے کو تھے۔ جس کے اثرات کفر نحوم تک پہنچنے والے تھے۔ بادشاہ کا ایک ملازم تھا جس کا بیٹا کفر نحوم میں بیمار تھا۔ بلاشبہ یہ آدمی یہودی تھا۔ ہیرودیس نے اسے ملازم رکھا ہوا تھا۔

اُس نے سنا تھا کہ یسوع یہودیہ گیا ہوا تھا۔ اب گلیل میں آگیا ہے۔ اُس کو ضرور کچھ اعتقاد تھا کہ مسیح بیماروں کو شفا دینے کی قدرت رکھتا ہے ۔اسلئے وہ براہ راست اس کے پاس آیا اور اس سے درخواست کرنے لگا کہ میرے بیٹے کو شفا بخش کیونکہ وہ مرنے کو تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے دوسرے ہم وطنوں کی نسبت زیادہ ایمان رکھتا تھا۔

بادشاہ کے ملازم میں سچا ایمان نظر آتا ہے وہ یقین رکھتا تھا کہ خداوند یسوع میرے بیٹے کو شفا دے سکتا ہے۔ اُسے صرف یہی خواہش ہے کہ خداوند میرے گھر چلے ایک لحاظ سے اُس کا ایمان ناقص تھا ۔ اُس کا خیال تھا کہ لڑکے کو شفا دینے کے لئے یسوع کا اُس کے پاس جانا ضروری ہے۔ البتہ خداوند نے اُس کے ایمان کا اجر اُسے بخشا۔

''یسوع نے اُس سے کہا جا تیرا بیٹا جیتا ہے۔ اُس نے اُس بات کا یقین کیا جو یسوع نے اُس سے کہی اور چلا گیا۔''(یوحنا 4:50)۔

یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ اُس آدمی کا ایمان بڑھ رہا ہے۔ جتنا ایمان اُس کے پاس تھا اُس نے اُسی کو استعمال کیا۔ پھر خداوند نے اُسے زیادہ ایمان دیا یسوع نے اُسے اس وعدہ کے ساتھ گھر واپس بھیجا کہ جا تیرا بیٹا جیتا ہے۔ ۔ بیٹا اُسی گھڑی شفا پا گیا۔ کسی دیدنی معجزے اور یادیدنی ثبوت کے بغیر اُس شخص نے اس بات کا یقین کیا جو یسوع نے اُس سے کہی اور اپنے گھر کو روانہ ہو گیا۔

''وہ راستہ ہی میں تھا کہ اسکے نوکر اُسے ملے اور کہنے لگے کہ تیرا بیٹا جیتا ہے۔ اُس نے اُن سے پوچھا کہ اُسے کس وقت سے آرام ہونے لگا تھا؟انہوں نے کہا کہ کل ساتویں گھنٹے میں اُس کی تپ اُتر گئی۔''(یوحنا 4:51-52)

جب وہ گھر کے نزدیک پہنچا تو اُس کے خادم اس سے ملے اوراسے خوش کن خبر سنائی کہ تیرا لڑکا جتیا ہے اس آدمی کو اس خبر سے ذرا بھی حیرت نہیں ہوئی اس نے یسوع کے وعدہ کا یقین کیا تھا اور اب اُس کا ثبوت سامنے تھا۔ باپ نے نوکروں سے پوچھا اُسے کس وقت سے آرام ہونے لگا تھا ؟ انکے جواب سے تصدیق ہوئی کہ شفا رفتہ رفتہ نہیں بلکہ فوری ہو گئی تھی۔

اب اس شاندار معجزے کے بارے میں ذرا بھر بھی شک نہ رہا۔ گزشتہ دن کے ساتویں گھنٹے کے وقت یسوع نے قانا کے اس شاہی ملازم سے کہا تھا کہ تیرا بیٹا جیتا ہے۔ اور کفرنحوم میں اُسی وقت اُس کا بیٹا شفا پا گیا تھا۔ اُس کی تپ اُتر گئی تھی اس بات سے بادشاہ کے ملازم نے جان لیا تھا کہ معجزہ کرنے یا دُعا کو جواب دینے کے لئے ضروری نہیں کہ یسوع کسی جگہ پر جسمانی طورپر موجود ہو۔ ہمارا خدا قادر ہے۔ وہ ہماری ہر دُعا ہر عرض اور التجا سنتا ہے۔ چنانچہ بادشاہ کا ملام خود اور اُس کا سارا گھرانا ایمان لایا۔

خدا نے اس جُدائی کو ختم کرنے کے لئے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو اس دنیا میں بھیجا کہ میرے اور آپ کے لئے قربانی دے۔ اور اس کی صلیبی موت کے وسیلہ ہم نجات پائیں۔ہمارے گناہوں کی معافی کا انحصار مسیح یسوع کی صلیب پر ہے۔

ہم صلیب کے وسیلہ انسان کی فطرت کے بحالی پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔خدا نے کس طرح مسیح کو کفارہ کی قربانی کے لئے پیش کر دیا۔اب پاک روح ہمارے باطن میں مسیح کے کام کے لئے تاثیر پیدا کرتا ہے یوں اُس صلیبی کام کے وسیلہ سے ہم نئے سرے سے پیدا کئے جاتے ہیں۔

اگر کفارہ کا انتظام نہ ہوتا تو تمام بدی ہم پر غالب آجاتی جیسے کہ وہ بدوں پر ہمیشہ کے لئے غالب آئے گی۔ لیکن مسیح جسے ہمارے بدلے میں تمام شریعت کا عدول ٹھہرایا گیا جو ہمارے گناہ اور جرائم کا سزاوار گردانا گیا، درمیان میں ہماری شفاعت کے لئے آجاتا ہے ۔

کیونکہ خدا نے ہمارے گناہ ہمارے ذمہ نہ لگائے ۔ بلکہ اپنے بیٹے پر لاد دئے تا کہ وہ سزا اٹھا کر ہمارا اطمینان بن جائے۔ تا کہ اُس کے مار کھانے سے ہم شفا پائیں۔

مسیح ہمارے گناہ اور موت قبول کرتا ہے اور ہمیں اپنی راستبازی اور پاکیزگی عطا کرتا ہے۔ اُس نے ہمارے ساتھ یہ مبارک تبادلہ کیاہے۔ اُس نے ہماری گنہگار شخصیت خود لے لی۔ اور ہمیں اپنی معصوم اور فتح مند شخصیت بخش دی۔

''اس کے بعد یہودیوں کی ایک عید ہوئی اور یسوع یروشلیم کو گیا۔''(یوحنا5:1)۔

پانچویں باب کا آغاز اس موقع پر ہوتا ہے جب یہودیوں کی ایک عید تھی۔ پس یسوع یہودی گھرانے میں پیدا ہوا تھا اسلئے ان تمام آئین و احکام کا فرمانبردار تھا جو خدا نے یہودی قوم کو دئے تھے۔ اسلئے یسوع عید منانے کے لئے یروشلیم کو گیا۔اب بحیثیت انسان وہ اپنے باپ کا فرمانبردار ہے وہ ان احکام کی تعمیل کرتا تھا جو اُس نے بنائے تھے۔

''یروشلیم میں بھیڑ دروازہ کے پاس ایک حوض ہے جو عبرانی میں بیت حسدا کہلاتاہےاور اُس کے پانچ برآمدے ہیں ان میں بہت سے بیمار اور اندھے اور لنگڑے اور پژمُردہ لوگ جو پانی کے ہلنے کے منتظر ہو کر پڑے تھے[کیونکہ وقت پرخداوند کا فرشتہ حوض پر اُتر کر پانی کو ہلایا کرتا تھا۔ پانی ہلتے ہی جو کوئی پہلے اترتا سو شفا پاتا اُسکی جو کچھ بیماری کیوں نہ

ہو]وہاں ایک شخص تھا جو اڑتیس برس سے بیماری میں مبتلا تھا۔ اُس کو یسوع نے پڑا دیکھا اور یہ جان کر کہ وہ بڑی مُدت سے اس حالت میں ہے اُس سے کہا کیا تُو تندرست ہونا چاہتا ہے؟ ''

(یوحنا 5:2-6)۔

یروشلیم میں ایک حوض ہے جو بیت حسدا کہلاتا تھا بیت حسدا کا مطلب ہے رحمت کا گھر۔ یہ حوض بھیڑ دروازہ کے قریب تھا۔ حوالے سے صاف ظاہر ہے کہ بیت حسدا کا حوض شفا کے لئے مشہور تھا۔ حوض کے ارد گرد برآمدوں میں بہت بیمار پڑے رہتے تھے یہ امید کرتے تھے کہ ہمیں شفا ملے گی۔ ان میں اندھے ، لنگڑے اور پژمُردہ لوگ شامل تھے۔ مختلف قسم کی یہ کمزوریاں گناہ آلودہ انسان کا اندھا پن ، اورنکمے پن کی تصویر پیش کرتا ہے۔

یہ لوگ اپنے بدن میں گناہ کے اثرات کے باعث دکھ پا رہے تھے۔ وہ پانی کے ہلنے کے منتظر تھے۔ ان کے دلوں میں اپنی بیماری سے چھٹکارا پانے کی تمنا تھی۔ وہاں وقت پر خداوند خداکا فرشتہ اتر کر پانی کو ہلایا کرتا تھا۔ اُس وقت جو کوئی پانی میں پہلے اترتا تھا وہ شفا پا جاتا تھا۔ آپ تصور کر سکتے ہیں کہ یہ کتنا قابل رحم منظرہو گا کہ اتنے لوگ شفا پانے کے منتظر اور محتاج تھے، ہر ایک پانی میں اترنے کی کوشش میں تھا۔ مگر شفا صرف ایک ہی آدمی کو ملتی تھی۔ وہاں انتظارکرنے والوں میں ایک اڑتیس برس کا بیمار شخص بھی تھا۔ مطلب

ہے کہ وہ نجات دہندہ کی پیدائش سے بھی پہلے کا یہاں پڑا ہوا تھا۔ خداوند یسوع کو ہر بات کا کامل علم تھا۔ تو بھی جانتا تھا کہ یہ شخص بڑی مدت سے یہاں پڑا ہے۔

نہایت محبت اور ترس کے ساتھ خداوند نے اس سے کہا، کیا تُو تندرست ہونا چاہتا ہے؟ یسوع جانتا تھا کہ اُس آدمی کی دلی خواہش یہی ہے کہ وہ اچھا ہو جائے تو بھی یسوع مسیح یہ اقرار کروانا چاہتے ہیں کہ میں بے بس ہوں اور شفا پانے کا سخت حاجتمند ہوں۔

خداوند جانتا ہے کہ ہمیں نجات پانے کی سخت ضرورت ہے مگر وہ چاہتا ہے کہ ہم اقرار کریں کہ ہم کھوئے ہوئے ہیں اور ہمیں اس کو نجات دہندہ قبول کرنے کی ضرورت ہے۔

اس بیمار کا جواب کس قدر رحم طلب تھا برسوں سے وہ اس حوض کے کنارے پڑا تھا اُس میں اترنے کا منتظر تھا۔ مگر جب پانی ہلایا جاتا تھا تو اُس کی مدد کرنے والا کوئی نہ تھا۔ ہر دفعہ وہ حوض میں اترنے کی کوشش کرتا مگر کوئی دوسرا پہلے اُتر جاتا ۔ اسلئے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی نجات اور گناہوں کی معافی کے لئے کسی دوسرے کے سہارے کی بجائے خود خداوند کے پاس جانا چاہئے۔

یسوع مسیح نے اس شفا بخشی اوروہ بھلا چنگا ہوگیا۔ وہ اُس معذور شخص سے کہہ ہی رہا تھا کہ اس کے بدن میں نئی زندگی اور طاقت دوڑنے لگی۔ وہ فی الفور شفا پا گیا۔ یہ صحت یابی بتدریج نہیں تھی۔ وہ اعضا جو برسوں سے کمزور اور لاچار تھے ایک دم بالکل ٹھیک ہو گئے۔

''ان باتوں کے بعد وہ یسوع کو ہیکل میں ملا اُس نے اُس سے کہا دیکھ تُو تندرست ہو گیا ہے پھر گناہ نہ کرنا''(یوحنا 5:14)۔

یہ معجزہ سبت کے دن ہوا یعنی ہفتے کے پہلے دن ۔ یہودیوں کو سبت کے دن ہر کام کی ممانعت تھی ۔لیکن جس شخص نے شفا پائی اُس نے یسو ع کے کہنے پر اپنی چارپائی اٹھائی اورچلنے پھرنے لگا۔ جب یہودیوں نے سبت کے دن اُس چارپائی اٹھائےہو ئے دیکھا تو اسے ٹوکا۔ جس شخص کو شفاملی تھی اُس نے بڑا سادہ سا جواب دیا جس نے مجھے شفا دی ہے اُسی نے مجھے کہا کہ اپنی چار پائی اٹھا اور چل پھر۔ گنہگار کی نجات یسوع سے وابستہ ہے۔ خدا اپنے بیٹے کے ذریعہ اپنی بادشاہی کو کامل کرتا ہے جس میں وہ اسے قربان کرتا اور اسے جلال بخشتا ہے خدا اپنی قدرت کے نتیجے میں انسان کو گناہ کی طرف سے موت اور پاکیزگی کی طرف سے ایک نئی زندگی دیتا ہے۔ چنانچہ اُس نے ہمارے گناہوں کے مسئلہ کو حل کیا اپنی موت کے وسیلہ ہمارے گناہوں کو دور کیا ''مسیح کتاب مقدس کے مطابق ہمارے گناہوں کے لئے موا''۔ مسیح نے ناراستوں کے گناہوں کے باعث ایک بار دکھ اٹھایا۔ ہمیشہ کے لئے گناہوں کے واسطے ایک ہی قربانی گزرانی ۔ خدا کےبیٹے یسوع کا خون ہمیں تمام گناہوں سے آزاد کرتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہےکہ خدا نے اس بات کا انتظار نہیں کیا کہ ہم اپنے گناہوں کو ترک کر دیں یا نیک بن جائیں بلکہ جب ہم اس کے باغی ہی تھے ، تو خدا نے ہم سے محبت کی، انسانی

خصلت کی بگڑی ہوئی حالت کو اس کی اصل جگہ پر قائم کرنے لئے اس درمیانی کی ضرورت ہے اور ضرور ہے اس کے ذریعہ سے ان بگڑی ہوئی چیزوں کو درست کیا جائے ۔

جب انسان اپنی ذاتی مرضی پر انحصار کرتا ہے تو گناہ جنم لیتا ہے ، اور پھر سزا کا ور دکھ میں مبتلا ہوتا ہے ، لیکن پھر اس سے نکلنے کی راہ کا متلاشی بن جاتا ہے ۔ لیکن اپنی ذات سے بھی نہیں کر سکتا ہے۔ چنانچہ انسان کو ہمیشہ خدا کی بادشاہی کی تلاش میں رہنا چاہئے ۔ یہی اس کے حق میں بہتر ہے۔

خدا یہ چاہتا ہے کہ اپنے بیٹے کو اس عمل سے گزارے اور ہر طرح کی انسانی حکمت اور الٰہی دنیا پر اُسے جلال بخشے۔ہمارے لئے مسیح کے آزمائش میں پڑنے اور غالب آنے کی اہمیت اس حقیقت میں ہے کہ اس طرح اُس نے ایک ایسی راہ کھول دی ہے کہ ہم اُس کی پیروی کر سکتے ہیں۔ جب ہم مسیح میں شامل ہو جاتے ہیں تو پرانی انسانیت کے تمام کاموں کو اتار نے کی کوشش کرتے ہیں اور کسی حد تک کامیاب ہوجاتے اور رفتہ رفتہ کامل طور پر گناہ پر غالب بھی آتے ہیں اس صورت میں خدا کی پوری پوری قدرت ہم میں کام کرتی ہے۔ اسلئے ہم پرانی انسانیت کو اُس کے کاموں سمیت اتار دیتے ہیں۔

جب تک ہم اپنے مالک کی خوبیاں سے آگاہ نہ ہوں ہم کیونکر اس کے تعظیم اور عزت کر سکتے ہیں ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنے آقا کی مرضی سے واقف ہونا بھی ضروری ہے۔

خدا نے انبیا کے ذریعہ سے اسرائیل کے گناہ کو گہرا مطلب سمجھایا، کہ ہر قسم کا گناہ عہد باندھنےوالے یہواہ ہی کے خلاف گناہ ہے ۔ گناہ اسرائیل کے خدا کے ساتھ عہد کو توڑنے کادوسرا نام ہے۔ یوں انسان گناہ کا مرتکب ہوتا ہے ۔انسانی چال چلن کی سب باتیں انسانی حکمت کو تو درست لگتی ہے لیکن خدا کی حکمت اس کے برعکس ہے اگرچہ بعض اوقات یہ کام ہمیں درست بھی نظر آتے ہیں مگر زیادہ تر حصہ برائی کا ہم سے ظا ہرہوتا ہے۔انسان گراوٹ کے بعد گنہگار فطرت کا حامل ہو چکا ہے ۔ لیکن ازروئے بائبل انسانی عقل ایساکرنے سے قاصر ہے، جب تک کہ خدا کی حکمت اس میں کام نہ کرے۔ کیونکہ انسانی فطرت گناہ آلودہ ہو چکی ہیں۔ اور ممکن نہیں کہ ہم از خود اپنے نجات کو کام کرنے کے لئے کچھ کر سکیں۔ جب تک کہ خدا کوئی خاص کو منصوبر پر عمل پیرا نہ ہوں۔

بائبل مقدس فرماتی ہے کہ خدا محبت ہے۔ وہ انسان کے لئے کچھ کرنا چاہتا ہے وہ اسے نجات دینا چاہتا ہے وہ انسان کو گناہ کی لعنت سے رہا کرنا چاہتا ہے وہ ایسا کیونکر کرنا چاہتا ہے ؟بائبل مقدس خود فرماتی ہے کہ انسان کے دل کے خیالات سدا بُرے ہی ہوتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ہر بار توبہ کے باوجود ہم گناہ کا شکار ہو جاتے ہیں خدا اس بات کے لئے ہمیں نیا بنانے کی فکر میں رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُس نے ہمارے ابدی نجات کا انتظام بھی کیا۔ گناہ کا مطلب سمجھنے کے باعث ابدی نجات کی قربانی کا خیال پیدا ہوا جس سے یہواہ خداکا فضل ظاہر ہوا۔ انسان اپنی جسمانی خواہشوں کے باعث گناہ کا شکار ہوتا ہے ، یہی خواہش ہمیں خدا

سے جدا کرنے کا سبب بنتی ہے۔ انسانی دل میں طرح طرح سوچیں اور خیالات جنم لیتے ہیں اور ہمارے اعضا بھی ان کی تابعداری کرتے ہیں نہ کہ خدا کی ۔

انسان نہ چاہتے ہوئے بھی گناہ کے زمرہ سے باہر نکلنے کی کوشش کرتا ہے تا کہ اس کے اثر اور ابدی نقصان سے بچ سکے اور یہ کہ وہ کیسے گناہ کی معافی اور ابدی نجات حاصل کرے؟ گناہ کی جدائی کی دیوار کو دور کرنے، عہد کو بحال کرنے اور اسرائیل کو پھر واپس خدا کی رفاقت میں لانے کا مقرر کردہ طریقہ کار ابدی نجات کی قربانی ہے۔ اور بے شک ہم بھی ایسے خدا کی پرستش کرتے ہیں جسے بائبل مقدس کا خدا کہتے ہیں۔ ہمیں بھی ابدی نجات کے سبب سے کچھ ملتا ہے۔ حیات بھی اور ابدی حیات بھی تا کہ خدا کی کاملیت کے معیار تک پہنچ سکیں۔

ہم سب اپنی بگڑی ہوئی طبیعت کی وجہ سے خدا کی نفرت کی مستحق تھے لیکن وہ ہماری بدی کے باعث ہم سے جُدا ہوتا ہے اور ہم سے محبت نہیں رکھتا، لیکن چونکہ ہم مخلوق ہیں اسلئے اس کی بے غرضانہ محبت اسے ہمیں قبول کرنے کے لئے اکساتی ہے۔ وہ یہ صرف اس صورت میں ہی کر سکتا ہے کہ وہ ہمیں جرم سے بری کر دے یعنی ہمارا کفارہ دے۔ یہ اُس نے مسیح کو موت دے کر کیا ہے۔ تا کہ ہم جو پہلے ناپاک اور ناراست تھے اب خدا کی نظر میں راست بن جائیں۔ یوں گنہگار انسان نہ صرف اپنے گناہوں سے معافی حاصل کرتے ہیں اور ماضی ،حال اور مستقبل کے گناہ کا خاتمہ ہو جاتاہے۔

گناہ میں گرنے سے پیشتر انسان خدا کے ساتھ میل جول رکھتا تھا۔ انسان کی خدا سے رفاقت تھی لیکن جس طرح شیطان نے پہلے خود خدا کے خلاف بغاوت کی اسی طرح اُس نے انسان کو بھی آزمائش میں ڈالا اور یوں خدا اور انسان کے بیچ جُدائی ہو گئی۔

فانی انسان کفارہ کے باعث خدا کی قربت اور محبت حاصل کرتا ہے۔ اور اب اسے خدا کی حضوری میں اطمینان اور تسلی ہے کیونکہ اس کے اپنے دل میں چین اور تسکین ہے اور چونکہ اس کی خدا کے ساتھ صلح صفائی ہے اس لئے وہ اپنے آپ سے بھی مطمئن ہے ۔

خدانے ابدی نجات کے وسیلہ انسان کے لئے ابدی راہ کا تعین کیا ۔وجہ یہ ہے کہ گناہ چونکہ لامحدود خدا پر حملہ ہے اسلئے گناہ کی وسعت بھی لامحدود ہو جاتی ہے۔ ایک گنہگار انسان اس وقت تک شیطان پر غلبہ نہیں پا سکتا جب تک کہ وہ اس پر غالب نہ آئے۔

خدانے انسان کو غیر فانی ہونے کے لئے تخلیق کیا تھا، اسلئے اب گناہ کے بعد ہمیں درپیش تمام مسائل کا حل خدا کی ذات میں پوشیدہ ہے۔ خدا جو کہ تمام دنیا کا نظام سنبھالے ہوئے ہے اس کے ذات کو تلاش کرنے اور جاننے کی ہمیں بے حد ضرورت ہے اس کے بغیر ہماری خلاصی قطعی طورپر ممکن نہیں۔ہمیں اپنی ذات کو بھی سمجھنے اور جاننے کی ضرورت ہے کہ خدا نے ہمیں کس معیار کے تحت خلق کیا ہے۔ہم اپنے متعلق کبھی بھی یہ نہیں جان سکتے لیکن ہمیں خداکی ذات کی اس شبیہ کو جاننے کی ضرورت ہے جو اُس نے انسان کی ذات میں رکھی ہے۔ تب ہم اُس کے سچائی کے معیار کو پا سکیں گے۔اگرچہ انسان کوشش کرتا ہے کہ

اپنی ذاتی حکمت سے کچھ حاصل کرلے یعنی وہ چاہتا کہ اس دنیا کو جنت بنا لے لیکن ایسا ہر گز ممکن نہیں۔ بلکہ صرف یسوع مسیح کے خون سے دُھل کر ہم اپنے گناہوں کی معافی پاتے اور خدا کی بارگاہ میں داخل ہوتے ہیں۔

اگرچہ روزمرہ زندگی میں ناکامی انسان کی ذاتی راستبازی کو ختم نہیں کرتی تاہم متاثر ضرور کرتی ہے ۔جس سے خدا کی خفگی ظاہر ہوتی کبھی کبھار تووہ اس سے غضب ناک بھی ہوتا ہے، اگرچہ خدا کا غضب گناہ پر ظاہر ہوتا ہے تاہم اس کے نتیجے میں انسان بھی متاثر ہوتا ہے انسان اور خدا کے تعلقات اُس وقت درست نہیں ہو سکتے۔ جب تک کہ انسان گناہوں سے توبہ نہیں کرے ۔بدی انسان کو حقیقی ذات سے جُدا کر دیتی ہے۔ اور اس کی باطنی انسانیت کو جسمانی انسانیت کے تابع کر دیتی ہے۔

اگر چہ وہ ہمارے گناہوں پر تحمل کرتا ہے اور معافی کی توقع کرتا ہے تو بھی وہ اپنی پاک آنکھوں سے ہمارے گناہوں کو دیکھنا نہیں چاہتا۔ اور نہ ہی انسان اس قابل ہے کہ اپنے گناہوں کا ابدی کفارہ خود ادا کر سکے۔ کیونکہ انسان اگرچہ اس کوشش میں رہا کہ دنیا کی پیدائش سے اب تک ایسا کرنے میں قاصر ہے ۔ موت نے تمام انسانوں پر حکمرانی کی اور تمام نسلِ انسانی موت کا شکار ہو ئی۔ اسی وجہ سے ہم خدا کے جلال اور بزرگی سے بھی محروم ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم جسمانی بیماریوں اور دکھوں اور مصائب میں گرے رہتے ہیں ۔ کیونکہ ہم نے خداکے اُس معیار کو برقرار نہ رکھا جس کی توقع اُس ابدی خدا کو ہم سے تھی۔ چنانچہ یہ

ضروری ہے کہ یہ ہرجانہ ایک ایسی ہستی ادا کرے جو انسان بھی ہو اور خدا بھی۔ اور صرف حقیقی انسان ہی اسے ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔ اور بالآخر ابدی نجات کے لئے تجسم کی ضرورت پڑی۔

تعلمِ الٰہی بیان کرتی ہے کہ وہ شخص جو ہرجانہ ادا کرے اسے ضرور ہی آدم کی نسل سے ہونا چاہئے۔ کیونکہ یہ آدم کی نسل ہے جو گناہ میں مبتلا ہے وہ گنا ہ سے پاک ہو۔ چنانچہ اس پاکیزگی کے لئے خدا باپ کو اپنے بیٹے کا تجسم ہی زیادہ اہم نظر آیا۔ اس کا مقصد خدا کے ساتھ رفاقت کو بحال کرنا ہے۔ وہ انسان سے دور نہیں کیونکہ وہ اپنے وعدوں کے خلاف نہیں کرتا اور نہ اپنے وعدوں کو توڑتا ہے۔خدا نے جو کچھ اس دنیا میں کیا ہے اس کا مقصد بنی نوع انسان کی نجات ہے۔ اگر خدا کا بیٹا ہمارے گناہوں کی سزا اپنے اوپر نہ اٹھا لیتا تا کہ ہم معاف کر دئے جائیں تو ہم خدا سے کوئی امید نہ رکھ سکتے تھے۔ کہ وہ انسان کو گناہ اور بدی سے چھڑا ئے اور اسے ابدی نجات بخشے۔بیٹے نے اپنی جسمانی زندگی میں باپ کی پوری پوری تابعداری کی۔ لیکن چونکہ اُس نے کوئی ایسا کام نہیں کیا تھا جس سے گناہ سرزد ہو ۔تو بھی اُس نے اپنی موت کے وسیلہ سے ایک ایسے کام پایہ تکمیل تک پہنچایا جس کا اجر بے انتہا نکلا۔ یعنی بنی نوع انسان کی نجات۔ ہم اپنے نیک کاموں پر انحصار کر کے اپنے گناہوں کا گھنونے مسئلے کو حل نہیں کر سکتے ہیں یہ ہماری ذاتی کردار کی خوبیوں پر منحصر نہیں ہے۔

''اسلئے یہودی یسوع کو ستانے لگے کیونکہ وہ ایسے کام سبت کے دن کرتا تھا۔ لیکن یسوع نے اُن سے کہا کہ میرا باپ اب تک کام کرتا ہے اور میں بھی کام کرتا ہوں۔ اس سبب سے یہودی اَور بھی اسے قتل کرنے کی کوشش کرنے لگے کہ وہ نہ فقط سبت کا حکم توڑتا ہے بلکہ خدا کو خاص اپنا باپ کہہ کر اپنے آپ کو خدا کے برابر بناتا تھا۔''(یوحنا 18-16:5)۔

یہودیو ں کو یہ جاننے کا بڑا اشتیاق تھا کہ وہ ہے کون جس نے اُس آدمی کو ہماری سبت کی روایت توڑنے کی ہدایت کرنے کی جرات کی ہے۔ چنانچہ انہوں نے اُس سے کہا کہ اُس قصور وار کی نشاندہی کر، اُس کی شناخت کر۔ کیونکہ یہودی یسوع کے مخالفت کے درپے تھے۔

کچھ وقت کے بعد شفا پانے والا آدمی یسوع کو ہیکل میں ملا یقیناًوہ اس عجیب معجزے کے لئے خدا کا شکر کرنے وہاں گیا تھا۔ خدا نے اُسے یاد دلایا کہ جب تجھ پر اتنا بڑا کرم ہوا ہے تو تجھ پر کچھ سنجیدہ فرض عائد ہوتا ہے دیکھ تُو تندرست ہو گیا ہے پھر گناہ نہ کرنا۔ ایسا نہ ہو کہ تجھ پر اس سے بھی بڑی آفت آئے۔

ہر ایماندار کو روز مرہ زندگی ہر وقت معافی کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یسوع مسیح نے اپنے مادی ضروریات کی دستیابی اور گناہوں کی معافی کو انسان کی ضرورت قرار دیا ہے۔ اور اپنی صلیبی موت سے اس ضرورت کی اہمیت کو بھی واضح کیا ہے۔یہ درحقیقت

انسانی تاریخ میں خدا کی حیران کن مداخلت ہے۔ اسی لئے وہ ہمیں انسانی تاریخ میں کھلم کھُلا مداخلت کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اس سے خداوند خدا کی بادشاہت اور قدرت اور اختیار کا اظہار ہوتا ہے۔ جیسا کہ خدا وند یسوع مسیح کو موت دی گئی اور پھر اسے مُردوں میں سے زندہ بھی کیا گیا۔ یہ خدا وند خدا کی قدرت کا اظہار ہے۔ وہ انسانی تاریخ میں تجسم اختیار کر کے داخل ہوتا ہے۔یوں خدا انسانوں کے درمیان رہتا ہے۔اس کے لئے نہ توہمیں فلسفہ کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی منقطی دلائل کی۔فقط بائبل مقدس کا سادہ ایمان ہمارے لئے کافی ہے۔ اس تجسم کے تو ہم کسی طور پر منکر نہیں ہو سکتے کیونکہ انسانی تاریخ بھی اس کی آمد کی گواہ ہے کہ وہ کس طرح بنی نوع انسان درمیان رہا اور کامل طور پر زندگی گزاری۔

اسلئے ہمیں یسوع مسیح کے فضل کو مانگ لینا چاہئے ، فضل کو ٹھکرا دینا، شریعت کی خلاف ورزی کرنے سے زیادہ خطرناک بات ہے۔ یسوع نےاُس شخص پر بے حد رحم کیا اورمحبت دکھائی ۔ اگر اب وہ ویسی ہی گناہ آلودہ زندگی گزارتا ہے جس کے باعث اُس پر بیماری آئی تھی تو یہ نہایت بُرا ردِ عمل ہو گا۔

نجات کے وسیلہ خدا وند خدا نے کائنات سے اپنی بے حد محبت کا اظہار کیا اور اپنی محبت کی گہرائی دکھائی ہے۔ بائبل مقدس خدا کی محبت کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہے کہ

کائنات کا خالق اور مالک کس طور سے اپنی مخلوق کے لئے فکر مند ہے۔ تا کہ یہ برباد نہ ہو جائے اور اسے محفوظ کر کے بچالیا جائے۔

گناہوں کی تعداد اور سنگینی مسیح کی زمینی زندگی کے دکھوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس کی موت کا اجر ان لوگوں کے گناہ بھی مٹا سکتا ہے جو اُس کی موت کا باعث تھے۔ کیونکہ وہ جانتے نہ تھے۔ یہاں تک کہ آدم اور حوا بھی اس مخلصی میں شامل ہیں۔ صلیب کے نجات بخش کام کے ذریعہ خدانے دنیا کو اس کے گناہ بھرے کاموں سمیت شکست دی۔ اُس نے اپنی محبت کو ثابت کرنے کے لئے اپنا بیٹا جو الہٰی خوبیوں سے معمور تھا اس گنہگار جہان کے لئے بخش دیا۔تا کہ وہ ہمارے لئے مرے۔اُس نے اپنا بیٹا ہمارے گناہوں کے فدیہ کے طور پر بھیجا تا کہ ہم اس کے وسیلہ سے زندہ رہیں۔ اپنی شبیہ پر بنائے ہوئے انسان کی دیکھ بھال وہ اپنے بیٹے کے وسیلہ سے کرتا ہے۔ ہم جیسے گنہگار لوگوں کے لئے وہ اپنی جان قربان کرتا ہے۔

خدا کو اپنی تخلیق کر دہ کائنات سے کس قدر پیار ہے اسی لئے وہ اس کی فکر کرتا ہے۔ اور انسانی تاریخ میں کار فرما ہے۔ یہی صلیب ہم میں سے ہر ایک کے نجات کے لئے کافی اور کامل راہ ہے ،کیونکہ بائبل کی تعلیم یہی ہے اور اس پر ہمارا پورا پورا یقین ہے۔ ہمارا ماضی، حال اور مستقبل صلیب پر ہی منحصر ہے۔

گناہ کی معافی ایسی صورت میں ہو کہ صاف ظاہر ہو جائے کہ وہ اس کے نزدیک کتنا گھناؤنا اور نفرت انگیز ہے۔ خدا ہر اُس چیز کا جو اُس پاک ذات کے خلاف ہے بڑا سخت مخالف ہے۔ انسان کی فطرت میں یہ ضرورت پائی جاتی ہے کہ اگر معافی حقیقی نجات ہے تو اس میں گناہ کے بارے میں خدا کی نفرت پیدا ہو جائے۔ یہ صرف اُسی صورت میں ممکن ہے جب انسان کے گناہ کی سنگینی اور معافی ناقابلِ بیان قیمت کا اظہار کیا جائے خدانے صلیب میں گناہ کی جو عدالت کی ہے اُس میں خدا اور انسان دونوں کی فطرت میں جو ضرورت پائی جاتی ہے اُس کا جواب ملتا ہے۔

اگرچہ خدا نے ہر زمانہ میں ایسے قوانین وضع کئے ہیں کہ انسان گناہ سے بعض رہے لیکن پھر بھی گناہ یا برائی بڑھتی جاتی ہے۔ خدا نے بھی اپنی تخلیق کے بگاڑ کو سنوارنے کے لئے ایسا لائحہ عمل اختیار کیا جس کے وسیلہ اُس نے ہماری نجات کا بندوبست کیا۔

یسوع مسیح کی موت ہر ایک کے لئے مفت عوضانہ ہے۔اپنی زمینی خدمت میں یسوع مسیح نے اکثر اپنی صلیبی موت کا ذکر کیا ۔یسوع مسیح ازل سے خدا کا ذبح کیا ہوا برّہ ہے ۔ اُس کا ازل سے اس کام کے لئے انتخاب کیا تھا۔

چنانچہ اب ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ مسیح یسوع قربانی کامقصد ہماری زندگیوں میں کام کرے اور کفارہ کے مقصد کو اپنی زندگی میں اپنا ئیں اور اس سے فائدہ

حاصل کریں جو کہ وقت نہیں بلکہ ابدی ہے ہمیں ان سب میں مسیح کی محبت کو فروغ دینا چاہیئے ۔ہم مسیح کی صلیب کے وسیلہ اُن کی مدد کر سکتے ہیں۔

خدا نے ہمارے گناہوں کے کامل کفارہ اور موثر علاج کے لئے مسیح یسوع کو کفارہ کا مرکزی کردار دیا۔ یہ اسلئے دیا گیا کہ ہمارے گناہو ں کا موثر علاج کیا جائے، ہمیں گناہ کی سزا ،اُس کی طاقت اور اُس کی موجودگی سے مخلصی مل جائے۔ ہمارا خدا کے ساتھ میل ملاپ ہو جائے ۔

یسعیاہ یسوع مسیح کو ابنِ داوُد کہتا ہے اور یوحنا اپنے انجیلی بیان میں یسوع مسیح کو یوسف کا بیٹا کہتاہے۔ ابنِ داوُد کی صورت میں یسوع مسیح کو فاتح کی طورپر پیش کیا جاتا ہے جو ہر ایک پر غالب آتا ہے ۔لیکن جب یسوع مسیح کو ابنِ یوسف کہا جاتا ہے تو اس کا تعلق ان حوالہ جات سے کیا جاتاہے جن سے یسوع مسیح کے خادمانہ دکھ اٹھانے کا ذکر کیا جاتا ہے ۔ اس کا اظہار زکریاہ نبی بھی کرتاہے ۔ شاید اُس نے بھی خدا کے خادم کی حیثیت سے ان باتوں کا تجربہ کیا ہو، جسے خدا کا خادم یسوع مسیح برداشت کرنے کے لئے آرہا تھا۔

دانی ایل ، حزقی ایل ، یسعیاہ اور یرمیاہ جیسے انبیا نے یسوع مسیح کی بادشاہت کا ذکر کیا ہے۔ جس کی تکمیل نئے عہد میں ملتی ہے اور یوحنا چونکہ یہودی ہونے کے ناطے ان تمام نوشتوں اور ان کی پیشن گوئیوں سے واقف ہے اس لئے وہ یسوع مسیح کی الٰہی ہستی کو اُس کے کامل معیار کے پیش نظر بیان کر رہا ہے۔ کیونکہ خداوند یسوع مسیح کو خاص خدا بیٹا کہہ

کر پکارتا ہے اور اپنے انجیلی بیان میں دوسری اہم تصویر خدا کے برے کی پیش کررہا ہے۔ ہمارے انسانی وسائل جنہیں ہم اپنی بہتری کے لئے بروئے کار لاتے ہیں ہمیں آسانی سے غلط کاموں میں پھنسا لیتے ہیں، جن سے ہم بدی کے شکار ہوتے ہیں۔ یوں ہم ہمیشہ بدی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ یوں اس عمل سے ہم ان عناصر سے خود نجات پانے کی کوشش کرتے ہیں۔

بائبل مقدس انسانی تاریخ میں خدا کے مخلصی کے کاموں کی گواہی دیتی ہے ۔کہ خدانے بنی اسرائیل کو ملکِ مصر کی غلامی سے رہائی بخشی۔ اُس نے بنی اسرائیل کو اپنی ذات کے انکشاف کا ذریعہ ہونے کے لئے بُلایا، برّے کا خون کفارہ کے لئے ہے لہٰذا اس کا پہلا کام ہمیں خدا کی نظر میں راستباز ٹھہرانا ہے ۔ جو گناہ ہم نے کئے ہیں ان کی ہمیں معافی چاہیئے تاکہ ہم پر سزا کا حکم عائد نہ ہو ہمارے گناہ اس وجہ سے معاف کئے گئے ہیں کہ خدا خون کو دیکھتا ہے اگر میں خون کی اہمیت سمجھنا چاہتا ہوں تو مجھے اس کی قدر کو قبول کرنا ہے جو وہ خدا کی نظر میں رکھتا ہے۔اور اگر میں خدا کی نظروں میں جو اسکی قدر ہے نہیں جانتاتو میں کبھی بھی یہ نہ جان سکوں گا کہ اس کی اہمیت میرے لئے کیا ہے۔

یسوع مسیح وہ عوضی برّہ ہے جو گنہگاروں کو ان کے گناہو ں سے نجات دینے کے لئے عوضی طور پر قربان ہوا۔ بائبل مقدس بیان کرتی ہے کہ یسوع ہمارا فسح ہے جو قربان ہوا۔ اسلئے ہمیں بھی خوشی منانا اور عید کرنا چاہیئے۔

بائبل کا بیان ہے کہ تمہاری خلاصی سونے چاندی یا کِسی قیمتی چیز نہیں ممکن بلکہ ایک بے عیب اور بے داغ برّہ کے خون سے ہے اور مسیح وہ برہ ہے جو بنائے عالم کے پیشتر سے تھا مگر اخیر زمانہ میں ہماری نجات کے لئے ظاہر ہوا۔یہ ذبح کیا ہوا برّہ بنائے عالم کے بیشتر سے ہمارے لئے تیار کیا گیا ہے کہ ساری امت کا کامل کفارہ دے۔

یہ اُس کا فضل ہے جو انسان پر ہوا ہے، یسوع مسیح نے ہمیں شیطان کے ظلم سے آزاد کروایا،یسوع مسیح کی موت پوری دنیا کی نجات کے لئے ہے ۔ کسی خاص قوم یا امت کے لئے نہیں بلکہ پوری دنیا لوگوں کے لئے ہے۔خوش قسمتی سے جو کچھ انسان کی ضرورت ہے اور جسے وہ خود پورا نہیں کر سکتا خدا نے اسے پورا کیا۔ اُس پر ایمان رکھنا در اصل یہی ہے کہ اُسے سادہ طور پر قبول کریں اُس کے رُتبے اور اُسکی حیثیت کو جانیں۔ اُس پر توکل کرنا ہر ایک مسیحی اور غیر مسیحی کی نجات بلکہ ابدی نجات کے لئے ضروری ہے۔

مسیح یسوع کے بدن کو موت کے حوالے کرنے کے سے خدا کی پاکیزگی کا جلال مسیح کی زندگی میں ظاہر ہوا۔ وہی آپ کی اور میری زندگی کی بحالی کا سبب بنا۔ کیا آپ یہ قبول کریں گے کہ یسوع مسیح آپ کا نجات دہندہ بنے یا یہ کہ وہ عدالت میں آپ کا انصاف کرے اور آپ کو ابدی سزا کی جگہ میں بھیج دے۔ ہمارے لئے بھی اور کوئی راہ نہیں ہے، ہمارے جسم میں مسیح کی پاک اور کامل زندگی صرف اور صرف اُس صورت میں ظاہر ہو گی کہ ہم ہر وقت اپنے بدن میں اس کی موت لئے پھریں۔

صلیب ہمیں اپنی آخرت کی فکر کرنے کے لئے قائل کرتی ہے۔اُس نے ہمارے ماضی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہمیں نیا بنانے کے لئے ہماری مدد کی۔ خدا کبھی اس بات کی آرزو نہیں کرتا کہ بدی غالب رہے بلکہ وہ خود بھی بدی پر غالب آیا اور ہم سے بھی توقع کرتا ہے۔ اگرچہ اُسے گناہ سے نفرت ہے تو بھی وہ گنہگار انسان سے پیار کرتا ہے اور اس کے لئے اپنے بیٹے کو بھی دینے سے دریغ نہیں کرتا۔ لہٰذاصلیب کے وسیلہ خدا نے گناہ اور دنیا کی عدالت کی اور اسے کفارہ کے وسیلہ سے کامل کیا تاکہ اس میں بدی نہ رہے۔ کیونکہ اسے گناہ سے کراہیت ہے اور اسے پسند نہیں کرتا۔

اُس نے یہ موت اپنے نہیں بلکہ ہماری خاطر قبول کی اُسے یقین تھا کہ اس کی موت کے وسیلہ سے وہ ہمارے لئے بھلائی مہیا کرے گا جو کسی اور طریقہ سے ممکن نہیں بے شک مسیح یسوع نے نجات کا کام کو پورا کیا۔

خدا نے یقیناً پرانے عہد نامہ کی کلیسیا کے ساتھ اپنے پیار کا اظہار کیا تھا۔ لیکن جب اس کا مقابلہ نئے عہد کے کلیسیا کے ساتھ کیا جاتا ہے جو صلیب پر ظا ہر ہوا۔ تو ہمیں پیار میں قربانی کی وہ فضیلت دکھائی دیتی ہے جو خدا کا بیٹا ہمیں دینے آیا۔

انسان کو گناہ سے بچانے کے لئے ہی خدا نے اپنے بیٹے کو بھیجا اور اسے موت کے حوالہ کر دیا۔ اگر گُناہ اتنی ہولناک حقیقت نہ ہوتا تو خدا اس سے مخلصی دلانے کے لئے اتنا سنگین قدم نہ اٹھاتا۔ انسان کو گناہ سے آزاد کروانے کے لئے اتنی ہی بڑی قربانی گزرانی پڑی۔ چنانچہ

اگر ہمیں خدا سے محبت نہ ہو تو ہم واقعی اس بھید کو سمجھ نہیں سکتے ۔ خدا کے اس عظیم کام کے مقصد کو آپ کے زندگیوں میں موجود رہنا چاہئے اور اس کا اظہار ہماری زندگیوں سے ہوناچاہئے۔ وہ خود کہتاہے کہ جیسا تم چاہتے ہو لوگ تمہارے ساتھ کریں تم بھی ویسا ہی انکے ساتھ کیا کرو۔ چنانچہ اگر ہم کسی سے نیکی کی توقع کرتے ہیں تو ہمیں بھی نیکی کے لئے تیار رہنا چاہئے تاکہ ہمارے ساتھ بھی لوگ نیکی سے پیش آئیں۔

لیکن ایک بات ہے کہ نجات کے حصول کے باوجود ہمارے گناہ کے مسئلے کا مکمل حل نہیں ہوا، بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ اگرچہ صلیب نے گناہ کے اختیار کو کچل دیا ہے تو بھی یہ ابھی تک دنیا میں باقی ہے، اور انسانوں سے اکثر گناہ سرزد ہوتے رہتے ہیں۔ تاہم مسیحی علمِ الٰہی کے مطابق اگرچہ گناہ دنیا میں اب بھی موجود ہے تو بھی اس کا اثر زائل کر دیا گیاہے ۔ گناہ اب انسان کو ابدی گرفت میں نہیں لے سکتا، وقتی طور پر متاثر ضرور کرتا ہے۔ لیکن یسوع کا لہو اس گناہ کو دھونے میں قادر ہے۔ اسی لئے ہمیں روز بروز اپنے گناہوں کی معافی کی بھی ضرورت در پیش ہوتی ہے۔

یہ کتنی خوشی کی بات ہے۔ شاید آپ لوگوں نے کبھی اس پر غور نہیں کیا خداوند اپنی محبت کو ظاہر کرتا ہے۔ ہم نے خداکے اُس معیار کو برقرار نہ رکھا جس کی توقع اُس ابدی خدا کو ہم سے تھی۔ چنانچہ یہ ضروری ہے کہ یہ ہرجانہ ایک ایسی ہستی ادا کرے جو انسان بھی ہو اور خدابھی۔ اور صرف حقیقی انسان ہی اسے ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔ خدا نے جو کچھ اس دنیا

میں کیا ہے اس کا مقصد بنی نوع انسان کی نجات ہے۔ اگر خدا کا بیٹا ہمارے گناہوں کی سزا اپنے اوپر نہ اٹھا لیتا تا کہ ہم معاف کر دئے جائیں تو ہم خدا سے کوئی امید نہ رکھ سکتے تھے۔ کہ وہ انسان کو گناہ اور بدی سے چھڑا ئے اور اسے ابدی نجات بخشے۔ بیٹے نے اپنی جسمانی زندگی میں باپ کی پوری پوری تابعداری کی۔

پس وہ جو نجات کے امید وار ہیں جب وہ خدا وند یسوع مسیح کو قبول کر کے اس کے لے پالک فرزند بننے کا حق پا لیتے ہیں تو خداوند خدا کے ساتھ تعلق سے انہیں خوشی ملتی ہے۔اور خداوند خود بھی انہیں خدا کے گھرانے کے لوگ ہونے کے لئے خوش ہوتاہے۔ یوں اُس کی نجات کا اظہار اُس کی محبت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس طرح ازسرِ نو خداوند کو قبول کرنے سے نیا مخلوق بن جاتے ہیں اور نئی روحانی زندگی گزارتے ہیں۔ یہ خدا کی حیرت انگیز راستبازی ہے۔

یوں اُس کی نجات کا اظہار اُس کی محبت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس طرح ازسرِ نو خداوند کو قبول کرنے سے ہم نئی مخلوق بن جاتے ہیں اور نئی روحانی زندگی گزارتے ہیں۔